لَكَ مِنْ هٰهُنَا إِلَى هٰهُنَا فَبَاعَ عَبْدُ اللّٰهِ مِنْهَا فَقَضَى دَيْنَهُ فَأَوْفَاهُ وَ

یہاں سے یہاں تک نہیں عبداللہ نے غابہ میں سے بعض فروخت کر کے اوسکا سب قرض ادا کر دیا اور

بَقِيَ مِنْهَا أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ وَنِصْفٌ فَقَدِمَ عَلَى مُعَاوِيَةَ وَعِنْدَهُ عَمْرُو بْنُ

باقی رہے چار حصے پچاس ہزار سے عبداللہ معاویہ کے پاس آیا اور اوسوقت اوسکے پاس عمرو بن

عُثْمَانَ وَالْمُنْذِرُ بْنُ زُبَيْرٍ وَابْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ كَمْ قَوَّمَتِ

عثمان اور منذر بن زبیر اور ابن زمعہ بیٹھے تھے معاویہ نے اوسکو کہا کہ غابہ کی

الْغَابَةَ قَالَ كُلَّ سَهْمٍ بِمِائَةِ أَلْفٍ قَالَ كَمْ بَقِيَ مِنْهَا قَالَ أَرْبَعَةُ أَسْهُمٍ

کیا قیمت ہوئی اوسنے کہا فی حصہ ایک لاکھ معاویہ نے کہا اوسمیں سے کیا باقی رہا اوسنے کہا چار

وَنِصْفٌ فَقَالَ الْمُنْذِرُ بْنُ زُبَيْرٍ قَدْ أَخَذْتُ مِنْهَا بِمِائَةِ أَلْفٍ

حصے منذر بن زبیر نے کہا میں نے ایک حصہ زبیر کا خرید کیا میں نے قیمت پر کیا اور

قَالَ عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَدْ اَخَذْتُ مِنْهَا سَهْمًا بِمِائَةِ اَلْفٍ قَالَ ابْنُ زَمْعَةَ

عمرو بن عثمان نے کہا ایک حصہ ایک لاکھ کو میں نے خریدا۔ اور ابن زمعہ نے کہا

قَدْ اَخَذْتُ سَهْمًا بِمِائَةِ اَلْفٍ فَقَالَ مُعَاوِيَةُ كَمْ بَقِيَ مِنْهَا قَالَ سَهْمٌ قَالَ

ایک حصہ ایک لاکھ کو میں نے خریدا معاویہ نے کہا اب کتنا باقی رہا دو نے کہا ڈیڑھ حصہ باقی ہے معاویہ نے کہا

قَدْ اَخَذْتُهُ بِخَمْسِيْنَ وَمِائَةِ اَلْفٍ قَالَ وَبَاعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ نَصِيْبَهُ

میں نے ڈیڑھ لاکھ کو خریدا کہا اور عبداللہ بن جعفر رضہ نے اپنا حصہ

مِنْ مُعَاوِيَةَ بِسِتِّمِائَةِ اَلْفٍ فَلَمَّا فَرَغَ ابْنُ الزُّبَيْرِ مِنْ قَضَاءِ دَيْنِهٖ قَالَ بَنُوْ نُفَيْلٍ

چھ لاکھ کو معاویہ کے پاس فروخت کر دیا جب ابن زبیر رضہ اوسکے قرض کے ادا کرنے سے فارغ ہوا تو زبیر رضہ کے بیٹوں نے کہا

لِبَنِي الزُّبَيْرِ اقْسِمْ بَيْنَنَا مِيْرَاثَنَا قَالَ وَاللّٰهِ لَا اَقْسِمُ بَيْنَكُمْ حَتّٰى اُنَادِيَ بِالْمَوْسِمِ اَرْبَعَ

اب تو میراث ہم پر تقسیم کر دے اوسنے کہا واللہ میں تم پر تقسیم نہ کرونگا جب تک حج کے دنوں میں

سِنِيْنَ اَلَا مَنْ كَانَ لَهٗ عَلَى الزُّبَيْرِ دَيْنٌ فَلْيَاْتِنَا فَلْنَقْضِهٖ فَجَعَلَ كُلَّ

چار برس تک منادی کردوں کہ زبیر کے ذمہ جسکا قرض ہے وہ ہم سے آکر ادا کرے پس ہر

سَنَةٍ يُنَادِيْ بِالْمَوْسِمِ فَلَمَّا مَضٰى اَرْبَعُ سِنِيْنَ قَسَمَ بَيْنَهُمْ وَرَفَعَ

سال حج کے دنوں میں منادی کرا دیتا جب چار سال گذر گئے تو انکے لڑکوں کو بانٹ دیا

الثُّلُثَ وَكَانَ لِلزُّبَيْرِ اَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَاَصَابَ كُلَّ امْرَاَةٍ اَلْفُ

اور زبیر کی چار عورتیں تھیں ہر ایک کو بارہ

اَلْفٍ وَمِائَتَا اَلْفٍ جَمِيْعُ مَالِهٖ خَمْسُوْنَ اَلْفَ اَلْفٍ وَمِائَتَا اَلْفٍ رَوَاهُ

لاکھ ملا پس اوس کا تمام مال ۵ کروڑ دو لاکھ تھا روایت کی یہ بخاری نے

اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ فِيْ تَحْرِيْمِ الظُّلْمِ وَالْاَمْرِ بِرَدِّ الْمَظَالِمِ

چھبیسواں باب ظلم کی تحریم اور مظالم کے واپس کرنے کے بیان میں

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ وَقَالَ تَعَالٰى

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کوئی نہیں گنہگاروں کا دوست اور کوئی سفارشی جسکی بات مانی جائے اور فرمایا ہے

وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ وَاَمَّا الْاَحَادِيْثُ فَمِنْهَا حَدِيْثُ

اور ظلموں کا کوئی دوست نہیں اور نہ مدد گار۔ اور حدیثیں بہت ہیں ان میں سے ہے

اَبِيْ ذَرٍّ الْمُتَقَدِّمُ فِيْ اَوَّلِ كِتَابِ الْمُجَاهَدَةِ وَعَنْ جَابِرٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ

ابوذر کی حدیث جو باب المجاہدہ کے اخیر میں گذر چکی ہے جابر رضہ سے روایت ہے کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اتقوا الظلم فان الظلم ظلمات یوم
رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے ظلم سے ڈرو بیشک ظلم قیامت کے دن اندھیرے
القیمۃ واتقوا الشح فان الشح اھلک من کان قبلکم حملھم علی ان سفکوا
ہونگے اور بخل سے بچو کہ بخل نے ہلاک کیا ان لوگوں کو جو تم سے پہلے تھے اور انکو ابھارا کہ انہوں نے
دماءھم واستحلوا محارمھم رواہ مسلم وعن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ
خون کئے اور حرام کو انہوں نے حلال سمجھا رواہ مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم قال لتؤدن الحقوق الی اھلھا یوم القیمۃ حتی یقاد
محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قیامت کے دن حقداروں کے حقوق ضرور ادا کئے جائینگے یہاں تک کہ
للشاۃ الجلحاء من الشاۃ القرناء رواہ مسلم وعن ابن عمرو رضی اللہ عنہما قال کنا
بغیر سینگ والی بکری کو اس بکری سے جسکے سینگ ہوں قصاص دلایا جائیگا رواہ مسلم نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے کہا وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم
نتحدث عن حجۃ الوداع والنبی صلی اللہ علیہ وسلم بین اظھرنا ولا نعقل
حجۃ الوداع کی باتیں کیا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان ہوتے تھے اور ہم
ندری ما حجۃ الوداع حتی حمد اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و
جانتے نہ تھے کہ حجۃ الوداع کیا ہے تا آنکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و
اثنی علیہ ثم ذکر المسیح الدجال فاطنب فی ذکرہ وقال ما بعث اللہ
ثنا کی پھر مسیح دجال کا ذکر مبالغہ سے بیان کیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جو
من نبی الا انذر امتہ انذر نوح والنبیون من بعدہ انہ یخرج
نبی بھیجا ہے اس نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا ہے نوح علیہ السلام نے اور اسکے بعد دوسرے انبیاء نے ڈرایا ہے دجال
فیکم فما خفی علیکم من شانہ فلیس یخفی علیکم ان ربکم لیس
دجال کا تم میں سے کچھ حال مخفی نہیں تو تم پر کچھ مخفی نہیں کہ تمہارا رب
باعور وانہ اعور عین الیمنی کانہ عینہ عنبۃ طافیۃ الا ان اللہ
کانا نہیں اور اسکے داہنی آنکھ کانی ہے گویا اسکی آنکھ انگور کا دانہ ہے آگاہ ہو اللہ تعالیٰ نے
حرم علیکم دماءکم واموالکم کحرمۃ یومکم ھذا فی بلدکم ھذا
تم پر تمہارے خون اور مال حرام کئے ہیں جیسی حرمت اس دن تمہارے اس
فی شھرکم ھذا الا ھل بلغت قالوا نعم قال اللھم اشھد ثلثا ویلکم
اس مہینے تمہاری میں حرمت ہے پوچھا لوگوں نے کہا ہاں آپ نے فرمایا یا اللہ گواہ رہیو تین دفعہ تم کو

أَوْ وَيْحَكُمْ انْظُرُوا لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

وائے تم کو دیکھو میرے بعد پھر مشرک ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگ جاؤ

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَى مُسْلِمٌ بَعْضَهُ وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ

روایت کی اس کو بخاری نے اور مسلم نے اسکا بعض حصہ روایت کیا عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ظَلَمَ قِيدَ شِبْرٍ مِنَ الْأَرْضِ طُوِّقَهُ

رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص ایک بالشت بھر بھی زمین ظلم سے لیگا لے

مِنْ سَبْعِ أَرَضِينَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي مُوسَى رضہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلعم

زمینوں میں سے اوسکی گردن میں سات زمین کا طوق ڈالا جائیگا متفق علیہ ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يُمْلِي لِلظَّالِمِ فَإِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ ثُمَّ قَرَأَ وَكَذٰلِكَ

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ ظالم کو مہلت دیتا ہے جب پکڑتا ہے پھر اسکو چھوڑتا نہیں پھر آپ نے آیت پڑھی اور ایسے ہی

أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ مُتَّفَقٌ

تیرے رب کی پکڑ ہے جب کہ وہ بستیوں کو ظلم کرتے ہوئے پکڑتا ہے بیشک اوسکی پکڑ سخت دکھ دینے والی ہے متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

علیہ روایت ہے معاذ رضہ سے کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجا تھا

سَلَّمَ فَقَالَ إِنَّكَ تَأْتِي قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَادْعُهُمْ إِلَى شَهَادَةِ أَنْ

تو فرمایا کہ تو اہل کتاب میں سے ایک قوم کے پاس جاتا ہے پس انکو شہادت کی طرف دعوت کر کہ گواہی دیں اسکی

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذٰلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ

کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور بیشک میں اللہ کا رسول ہوں اگر انہوں نے تیری اس بات کو مان لیا تو اونکو خبر کر

اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا

کہ اللہ تعالیٰ نے اونپر دن رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں اگر انہوں نے تیری اس بات کو مان لیا

لِذٰلِكَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ

تو اونکو خبر کر کہ اللہ تعالیٰ نے اونپر صدقہ فرض کیا ہے کہ دولتمندوں سے لیکر

فَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوا لِذٰلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ

اونکے فقیروں کو دیا جاوے تو اگر انہوں نے تیری یہ بات بھی مان لی تو اونکے عمدہ مالوں سے احتراز کر

وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

مظلوم کی دعا سے خوف کر کہ اوسکی دعا میں اور اللہ تعالیٰ میں کچھ پردہ نہیں متفق علیہ

وعن ابی حمید عبد الرحمن بن سعد الساعدی رضی الله عنه قال

ابو حمید عبد الرحمن بن سعد ساعدی رضی سے روایت ہے

استعمل النبی صلی الله علیه وسلم رجلا من الازد یقال له ابن اللتبیة

کہ نبی صلعم نے ایک آدمی کو قبیلہ ازد میں سے جسکو ابن لتبیہ کہا جاتا ہے

علی الصدقة فلما قدم قال هذا لکم وهذا اهدی الی فقام

صدقہ تحصیل کرنے کو عامل مقرر فرمایا جب وہ صدقہ تحصیل کرکے لایا تو اس نے کہا کہ یہ مال تمہارا ہے اور یہ مجھ کو ہدیہ دیا گیا ہے پس رسول

رسول الله صلی الله علیه وسلم علی المنبر فحمد الله واثنی علیه ثم قال

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہوکر اللہ تعالے کی حمد و ثنا کی پھر فرمایا

اما بعد فانی استعمل الرجل منکم علی العمل مما ولانی الله فیاتی فیقول

اما بعد میں تم میں سے ایک آدمی کو عامل بناتا ہوں اون چیزوں کا جنہیں اللہ تعالی نے مجھے متولی بنایا ہے پھر وہ آکر کہتا ہے

هذا لکم وهذا هدیة اهدیت لی افلا جلس فی بیت ابیه وامه حتی

یہ تمہارا مال ہے اور یہ ہدیہ دیا گیا ہے تو وہ اپنے ماں باپ کے گھر میں کیوں نہیں بیٹھ جاتا پھر

تاتیه هدیته ان کان صادقا والله لا یاخذ احد منکم شیئا بغیر حقه

اگر سچا ہے تو اور سچ کہنے والا ہے تو اسکو ہدیہ آجایا کرے واللہ تم میں سے اگر کوئی کچھ ناحق لے گا

الا لقی الله تعالی یحمله یوم القیمة فلاعرفن احدا منکم لقی الله تعالی یحمل بعیرا

تو قیامت کے دن اوس چیز کو اٹھائے ہوئے اللہ تعالی کے سامنے حاضر ہوگا اور میں پہچانوں گا تم میں سے اوس شخص کو

له رغاء او بقرة لها خوار او شاة تیعر ثم رفع یدیه حتی رأی بیاض

کہ اونٹ آواز کرتا ہوگا یا گائے کہ اوس کی آواز ہوتی ہوگی یا بکری پکارتی ہوگی اوٹھائے ہوئے اللہ تعالی کے سامنے حاضر ہوگا پھر رسول اللہ صلعم نے دونوں ہاتھ اتنا اٹھائے

ابطیه فقال اللهم هل بلغت متفق علیه وعن ابی هریرة رضی الله

کہ ہم نے بغل مبارک دیکھی فرمایا اے اللہ کیا میں نے احکام پہنچا دیئے متفق علیہ۔ ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے

عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من کانت عنده مظلمة

کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص کے ذمہ اپنے بھائی کے کوئی ایسی چیز ہو

لاخیه من عرضه او من شیء فلیتحلله منه الیوم من قبل ان لا یکون

جو ظلم سے اوسکی ہتک عزت کی ہو یا کوئی اور شے ہو اوسکو لازم ہے کہ وہ یہاں اوس کو معاف کرلے اور اپنے ذمہ کو اوس کے یعنی

دینار ولا درهم ان کان له عمل صالح اخذ منه بقدر مظلمته وان

دینار ہو گا نہ درہم اگر اوسکے عمل صالح ہوں گے تو اوسکے حق کی مقدار اسکے اعمال میں سے عوض دلایا جائے گا اور اگر

لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ صَاحِبِهِ فَحُمِلَ عَلَيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

عمل صالح نہ ہونگے تو خطاء کے گناہ اوپر ڈالے جائینگے۔ روایت کی یہ بخاری نے

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ

علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسلمان وہ شخص ہے جسکے ہاتھ اور زبان سے مسلمان سلامت رہیں۔ اور مہاجر وہ ہے

هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ عَلَى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى

جو چھوڑ دے ان کاموں کو جنہیں خدا تعالیٰ نے منع کیا ہے۔ متفق علیہ اوسی سے روایت ہے کہ نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ كِرْكِرَةُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اللہ علیہ وسلم کے اسباب پر ایک شخص مقرر تھا اوسکو کرکرہ کہا جاتا تھا وہ فوت ہوگیا اور رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ فِي النَّارِ فَذَهَبُوا يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ فَوَجَدُوا عَبَاءَةً

علیہ وسلم نے فرمایا وہ دوزخ میں ہے پس لوگ اوسکی طرف نظر کرنے گئے سو انہوں نے ایک عبا قبل پائی

قَدْ غَلَّهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي بَكْرَةَ نُفَيْعِ بْنِ الْحَارِثِ عَنِ النَّبِيِّ

جو اوسنے اسباب میں سے چرالی تھی یہ بخاری نے۔ ابوبکر نفیع بن حارث سے روایت ہے کہ فرمایا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ

صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ زمانہ گھوم کر آگیا ہے مثل اوس صورت کے جسمیں

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثٌ مُتَوَالِيَاتٌ

آسمانوں اور زمین کو برس بارہ مہینے کا ہے۔ اونمیں سے چار حرام ہیں تین

ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِي بَيْنَ جُمَادَى وَ

ذوالقعدہ اور ذوالحجہ اور محرم اور رجب مضر کا جو جمادی الاخری

شَعْبَانَ أَيُّ شَهْرٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ

اور شعبان کے درمیان ہے یہ کونسا مہینہ ہے ہم نے کہا خدا اور اوسکا رسول خوب جانتے ہیں پس حاضرین سو گئے یہانتک کہ ہم خیال کرتے تھے

سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ أَلَيْسَ ذَا الْحِجَّةِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَأَيُّ بَلَدٍ هٰذَا

کہ شاید اوسکا نام رکھ دینگے اپنے زمانہ کا۔ ذوالحجہ نہیں ہے کہا ہاں ہے فرمایا یہ کونسا

قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ قَالَ

شہر ہے ہم نے کہا خدا اور اوسکا رسول خوب جانتے ہیں پس حاضرین سو گئے یہانتک کہ ہم خیال کرتے تھے کہ شاید اوسکا نام رکھ دینگے اپنے فرمایا

أَلَيْسَ الْبَلْدَةَ قُلْنَا بَلَى قَالَ فَأَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَسَكَتَ

کیا یہ بلدہ نہیں ہے کہا ہاں ہے آپنے فرمایا یہ کونسا دن ہے ہم نے کہا اللہ اور رسول خوب جانتے ہیں پھر آپ خاموش رہے۔

حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُسَمِّيهِ بِغَيْرِ اسْمِهِ فَقَالَ أَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ قُلْنَا بَلَى قَالَ

یہانتک کہ ہمنے ظن کیا کہ اسکا نام کچھ اور رکھیگے آپنے فرمایا یہ یوم النحر نہیں ہے ہمنے کہا ہاں ہے

فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا

آپنے فرمایا کہ تمہارے خون اور مال اور عزت تمپر حرام ہیں مثل حرام ہونے اس دن کے

فِي بَلَدِكُمْ هٰذَا فِي شَهْرِكُمْ هٰذَا وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ

شہر میں اس مہینہ میں اور تم عنقریب اپنے رب کی ملاقات کروگے اور خدا تعالیٰ تم سے تمہارے اعمال پوچھیگا۔

أَلَا فَلَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ أَلَا لِيُبَلِّغِ

خبردار میرے بعد تم ایسے منکر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگے جاؤ خبردار

الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُبَلَّغُهُ أَنْ يَكُونَ أَوْعَى لَهُ مِنْ بَعْضِ

حاضرین غائبوں کو پہونچادیں شاید بعض ان لوگوں میں سے جنکو احکام پہونچادی بعض سننے والے سے زیادہ

مَنْ سَمِعَهُ ثُمَّ قَالَ أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

یاد رکھنے والا ہو پھر آپنے فرمایا خبردار میں نے احکام پہونچادیئے ہمنے کہا ہاں آپنے فرمایا اے اللہ تو گواہ ہو متفق علیہ

وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِيَاسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْحَارِثِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

ابوامامہ ایاس بن ثعلبہ رض حارثی رض سے روایت ہے کہ رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ فَقَدْ

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کا فی حق قسم کھاکر چھین لیگا

أَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ وَإِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيرًا

اللہ تعالیٰ نے اوسکے لئے دوزخ کی آگ واجب کردی اور جنت اوپر حرام ٹھہرادی ایک آدمی نے کہا اگرچہ وہ چیز

يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ وَإِنْ كَانَ قَضِيبًا مِنْ أَرَاكٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

آپنے فرمایا اگرچہ پیلو کے درخت کی ٹہنی ہو روایت کی یہ مسلم نے روایت ہے۔

عَدِيِّ بْنِ عَمِيرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

عدی بن عمیرہ رض سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے

وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ مِنْكُمْ عَلَى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ كَانَ

کہ فرماتے تھے ہم جس شخص کو کسی عمل پر مقرر کریں پھر وہ ہم سے ایک سوئی یا سوئی سے زیادہ ہم سے چھپاوے تو وہ

غُلُولًا يَأْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ أَسْوَدُ مِنَ الْأَنْصَارِ كَأَنِّي

خیانت ہی قیامت کے دن اونٹ لیکر خدا تعالیٰ کے سامنے حاضر ہوگا۔ ایک شخص سیاہ فام انصار میں سے گویا میں

أَنْظُرُ إِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اقْبَلْ عَنِّي عَمَلَكَ قَالَ وَمَا لَكَ قَالَ سَمِعْتُكَ

اوسکو دیکھتا ہوں کہ کھڑا ہوکر کہنے لگا یا رسول اللہ اپنا عمل مجھ سے واپس کرلو آپنے فرمایا تجھے کیا ہوا اوسنے کہا میں نے آپ کو

تَقُولُ كَذَا وَكَذَا قَالَ وَأَنَا أَقُولُهُ الْآنَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ عَلٰى عَمَلٍ فَلْيَجِئْ

ایسی ایسی باتیں کہتے سنا ہے آپنے فرمایا میں بھی ایسی کہتا ہوں کہ جس کو ہم عامل بنائیں اوسکو لازم ہے کہ

بِقَلِيلِهِ وَكَثِيرِهِ فَمَا أُوتِيَ مِنْهُ أَخَذَ وَمَا نُهِيَ عَنْهُ انْتَهٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ

کم و بہت جو کچھ ہو حاضر کرے جو کچھ اوسمیں سے اوسکو دیا جائے لیلیوے اور جس سے روکا جائے رک جاوے روایت کی مسلم نے

وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ أَقْبَلَ نَفَرٌ

عمر بن خطاب رضؓ سے روایت ہے کہ جسبر کے دن

مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا فُلَانٌ شَهِيدٌ وَفُلَانٌ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے یاروں میں سے ایک جماعت آکر کہنے لگی کہ فلانا شہید ہے اور فلانا

شَهِيدٌ حَتّٰى مَرُّوا عَلٰى رَجُلٍ فَقَالُوا فُلَانٌ شَهِيدٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

شہید ہے تا ایک شخص پر جو گذرے اوہوں نے اوسکا نام لے کر کہا کہ فلانا شہید ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

كَلَّا إِنِّي رَأَيْتُهُ فِي النَّارِ فِي بُرْدَةٍ غَلَّهَا أَوْ عَبَاءَةٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي

نہیں میں نے اوسکو بسبب خیانت کرنے اوپر چوری کرنے ایک چادر یا ایک کمل کے دوزخ کی آگ میں دیکھا ہے روایت کی مسلم نے۔ ابو

قَتَادَةَ الْحَارِثِ بْنِ رِبْعِيٍّ رضؓ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَامَ

قتادہ حارث بن ربعی رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

خطبہ فرمایا

فِيهِمْ فَذَكَرَ لَهُمْ أَنَّ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْإِيمَانَ بِاللّٰهِ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ

پھر صحابہ کے میں ذکر کیا درمیان اوسکے یہ کہ جہاد فی سبیل اللہ اور ایمان اللہ تعالیٰ کے بہتر سب عملوں سے افضل ہیں

فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَتُكَفِّرُ

ایک آدمی نے کھڑے ہوکر عرض کی یا رسول اللہ آپ فرمایئے اگر میں فی سبیل اللہ مارا جاؤں تو میرے

عَنِّي خَطَايَايَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ إِنْ قُتِلْتَ

گناہ کا کفارہ ہو جاوینگے آپنے فرمایا ہاں اگر تو اللہ کی

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ

راہ میں مارا گیا درحالیکہ صبر کرنے والا حاصل نیت کرنیوالا ثواب کا سامنے رہنے والا پیٹھ نہ دینے والا تو ہر آپنے فرمایا

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ قُلْتَ قَالَ اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

تو نے کس طرح کہا اوسنے عرض کی آپ فرمایئے اگر میں اللہ کی راہ میں مارا جاؤں

اَتُکَفِّرُ عَنِّیْ خَطَایَایَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَاَنْتَ

تو میرے گناہوں کا کفارہ ہو جائیگا آپنے فرمایا ہاں درحالیکہ تو

صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ اِلَّا الدَّیْنَ فَاِنَّ جِبْرَئِیْلَ قَالَ لِیْ ذٰلِکَ

صبر کرنیوالا اللہ تعالیٰ کی خوشنودی طلب کرنیوالا اچھائی سامنے کرنیوالا اور پیٹھ نہ دینیوالا ہو مگر قرض کہ جبرئیل نے مجھے یہ کہا ہے

رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

روایت کی اسکو مسلم نے ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ فَقَالُوْا الْمُفْلِسُ فِیْنَا مَنْ لَّا دِرْھَمَ

علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے لوگوں نے کہا ہمارے میں مفلس وہ ہے جسکے پاس نہ درہم ہو

لَہٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّاْتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِصَلٰوۃٍ

اور نہ کچھ مال اسباب ہو آپنے فرمایا میری امت میں کہ قیامت کے دن وہ شخص مفلس ہوگا جسنے اوتا ہیں نماز

وَصِیَامٍ وَزَکٰوۃٍ وَیَاْتِیْ قَدْ شَتَمَ ھٰذَا وَقَذَفَ ھٰذَا وَاَکَلَ مَالَ ھٰذَا

اور روزے اور زکوٰۃ ادا کی ہو اور کسی کو گالی دی ہوگی اور کسیکو تہمت لگائی ہوگی کسی کا مال کھایا ہوگا

وَسَفَکَ دَمَ ھٰذَا وَضَرَبَ ھٰذَا فَیُعْطٰی ھٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ وَھٰذَا مِنْ حَسَنَاتِہٖ

اور کسی کا خون کیا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا پس اسکے حسنات اس کو اور اوسکو دیدیے جائینگے

فَاِنْ فَنِیَتْ حَسَنَاتُہٗ قَبْلَ اَنْ یُّقْضٰی مَا عَلَیْہِ اُخِذَ مِنْ خَطَایَاھُمْ فَطُرِحَتْ

اگر اوسکے نیک اعمال لوگوں کے حقوق ادا کرنے سے پہلے ہی تمام ہو گئے تو اوڈالے گئے گناہ

عَلَیْہِ ثُمَّ طُرِحَ فِی النَّارِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا اَنَّ

اسکے سر پر ڈال کر دوزخ کی آگ میں گرویا جائیگا روایت کی اسکو مسلم نے ام سلمہ رضہ سے مروی ہے کہ

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ وَاِنَّکُمْ تَخْتَصِمُوْنَ

رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ میں تمہارے جیسا آدمی ہوں اور تم میرے پاس جھگڑے فیصل کرانے کو لاتے ہو اور شاید

اِلَیَّ وَلَعَلَّ بَعْضَکُمْ اَنْ یَّکُوْنَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِہٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِیَ لَہٗ نَحْوَ مَا

تم میں سے بعضے اپنی حجت کے ثبوت میں اپنی خوش بیانی کے سبب سچے ہو۔ بیان کرنیوالا ہوں پس میں اوسکا بیان سنکر اوسکے لئے

اَسْمَعُ فَمَنْ قَضَیْتُ لَہٗ بِحَقِّ اَخِیْہِ فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَہٗ قِطْعَۃً مِّنَ النَّارِ مُتَّفَقٌ

حکم کردوں جس شخص کو دوسرے کے حق میں میں فیصلہ میں لاؤں دوں پس بیشک میں اوسکو آگ کا ٹکڑا دیتا ہوں سو وہ

عَلِيمُ الْحَنَ اَیْ اَعْلَمُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رض قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

الحن یعنے زیادہ فہم کو تو یہ جاننے والا ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَزَالَ الْمُؤْمِنُ فِي فُسْحَةٍ مِنْ دِينِهِ مَالَمْ يُصِبْ دَمًا حَرَامًا

علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن ہمیشہ دین کی طرف سے کشادش میں رہتا ہے جبتک خون حرام کو نہ پہنچے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ تَامِرٍ الْاَنْصَارِيَّةِ وَهِيَ امْرَاَةُ حَمْزَةَ

روایت کی بخاری نے خولہ بن تامر انصاریہ حمزہ سے روایت ہے

قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنَّ رِجَالًا

کہا کہ میں نے سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے کہ بہت آدمی

يَخُوضُونَ فِي مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

اللہ کے مال میں سے ناحق تصرف کرتے ہیں قیامت کے دن انکو آگ ملیگی روایت کی بخاری نے

الباب السابع والعشرون في تعظيم حرمات المسلمين

ساتیسواں باب مسلمانوں کی حرمتوں کی تعظیم

وبيان حقوقهم والشفقة عليهم والرحمة لهم قال الله تعالى ومن

اور حقوق اور اوپر شفقت اور رحمت کرنیکے بیان میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جو شخص

يعظم حرمات الله فهو خير له عند ربه وقال تعالى ومن يعظم

اللہ تعالیٰ کی حرمتوں کی تعظیم کرے اسکے لئے یہ کام بہتر ہے اپنے رب کے نزدیک اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور

شعائر الله فانها من تقوى القلوب وقال تعالى واخفض

جو شخص اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعظیم کرے وہ تو یہ دلوں کے تقویٰ سے ہے اور فرمایا تو مومنوں کیلئے

جناحك للمؤمنين وقال تعالى من قتل نفسا بغير نفس

اپنے بازو جھکا دے اور فرمایا جو شخص کسی نفس کو بغیر کسی قصاص کے

او فساد في الارض فكانما قتل الناس جميعا ومن احياها فكانما

یا بغیر فساد کے زمین میں قتل کر ڈالے اسنے سب آدمی قتل کر دیئے اور جو شخص اوسکو زندہ رکھے گویا

احيا الناس جميعا وعن ابي موسى رضي الله عنه قال قال رسول

اوسنے سب آدمی زندہ رکھے ابی موسیٰ رضہ سے روایت ہے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم المؤمن للمؤمن كالبنيان يشد بعضه

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مومن ایک دوسرے کیلئے دیوار کی طرح ہے کہ اوسکا بعض دوسرے بعض کو

بعضا متفق عليه وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

مضبوط کرے رمتفق علیہ اور اسی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے

من مر في شيء من مساجدنا أو أسواقنا ومعه نبل فليمسك أو

جو شخص ہماری مسجدوں یا بازاروں میں گزرے اور اوسکے پاس تیر ہوں اوسکو لازم ہے کہ بند کرے یا

ليقبض على نصالها بكفه أن يصيب أحدا من المسلمين منها شيء متفق

اپنے ہاتھ سے اوسکی پکڑ کے واسطے اپنے ہاتھ کر لیوے اس سے کہ کسی مسلمان کو تیر لگ کر زخم جاوے۔ متفق

عليه وعن النعمان بن بشير رضي الله عنهما قال قال رسول

علیہ نعمان بن بشیر رضہ سے روایت ہے کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم مثل المؤمنين في توادهم وتراحمهم وتعاطفهم

اللہ صلعم نے فرمایا کہ مومن ایک دوسرے سے دوستی کرنے اور ترحم کرنے اور محبت کرنے میں ایک بدن کی مثل

مثل الجسد إذا اشتكى منه عضو تداعى له سائر الجسد بالسهر و

ہیں جب ایک عضو بدن میں سے بیمار ہو جاتا ہے تو باقی بدن کے اعضا بیخوابی اور

الحمى متفق عليه وعن أبي هريرة رضي الله عنه قال قبل النبي صلى

تپ میں شریک ہو جاتے ہیں متفق علیہ۔ روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا رسول اللہ صلے اللہ

الله عليه وسلم الحسن بن علي رضي الله عنهما وعنده الأقرع بن حابس

علیہ وسلم نے حسن بن علی رضہ کو بوسہ دیا۔ اور اوسکے پاس اقرع بن حابس موجود تھا۔

فقال الأقرع إن لي عشرة من الولد ما قبلت منهم أحدا فنظر إليه

اقرع نے کہا کہ میرے دس فرزند ہیں میں نے کبھی کسیکو بوسہ نہیں دیا۔

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال من لا يرحم لا يرحم متفق عليه

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکی طرف دیکھکر فرمایا کہ جو رحم نہ کرے وہ رحم نہیں کیا جاتا متفق علیہ

وعن عائشة رضي الله عنها قالت قدم ناس من الأعراب على

روایت ہے عائشہ رضہ سے کہا لوگ گنوار کچھ

رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالوا أتقبلون صبيانكم فقالوا نعم

رسول اللہ صلعم کے پاس آئے اور کہا کہ تم اپنے لڑکوں کو بوسہ دیا کرتے ہو انہوں نے کہا ہاں

فقالوا لكنا والله ما نقبل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم أو أملك

وہ بولے ہم تو اللہ کی قسم ہے بوسہ نہیں دیتے رسول اللہ صلعم نے فرمایا

إِنْ كَانَ اللّٰهُ نَزَعَ مِنْكُمُ الرَّحْمَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اگر خدا تعالیٰ نے تمہارے دل سے رحمت نکال دی ہو تو مجھے کیا اختیار ہے کہ تمہارے دلوں میں رحمت ڈالوں۔ متفق علیہ۔ اور جریر بن عبداللہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا يَرْحَمِ

رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو لوگوں پر

النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضہ قَالَ إِنَّ

رحم نہ کرے اللہ تعالیٰ اوس پر رحمت نہیں کرتا۔ متفق علیہ۔ ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ لِلنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم میں سے کوئی لوگوں کو نماز پڑھائے تو چاہیے کہ نماز ہلکی پڑھا کرے

فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ وَالسَّقِيمَ وَالْكَبِيرَ وَإِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ لِنَفْسِهِ فَلْيُطَوِّلْ

کیونکہ ہیں کمزور اور بیمار اور بوڑھے اور جب کوئی اکیلا نماز پڑھے تو جتنی چاہے

مَا شَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ وَذَا الْحَاجَةِ وَعَنْ عَائِشَةَ رضہ قَالَتْ

دیر لمبی کرلیا کرے۔ متفق علیہ۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اور جس کو حاجت والے ہوں۔ اور روایت ہے عائشہ رضہ سے کہ کہا

إِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَدَعُ الْعَمَلَ وَهُوَ يُحِبُّ أَنْ

بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عمل کو چھوڑ دیا کرتے تھے حالانکہ آپکو اوس

يَعْمَلَ بِهِ خَشْيَةَ أَنْ يَعْمَلَ بِهِ النَّاسُ فَيُفْرَضَ عَلَيْهِمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

عمل کا کرنا پسند ہوتا ہے اس خوف سے کہ اوسکو کرنے لگ جائینگے پھر اون پر فرض ہو جائیگا۔ متفق علیہ۔ اور

عَنْهَا قَالَتْ نَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ رَحْمَةً لَهُمْ

اوسی سے روایت ہے کہ نبی صلعم نے لوگوں کو صوم وصال سے رحمۃ اوپر ترس کرکے منع کیا

فَقَالُوا إِنَّكَ تُوَاصِلُ فَقَالَ إِنِّي لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ إِنِّي يُطْعِمُنِي رَبِّي وَ

اوں نے کہا آپ صوم وصال رکھتے ہیں فرمایا کہ میری اور تمہاری ایک سی حالت نہیں۔ مجھ کو میرا رب کھانا کھلاتا ہے اور

يَسْقِينِي مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَمَعْنَاهُ يَجْعَلُ فِي قُوَّةِ مَنْ أَكَلَ وَشَرِبَ

پانی پلاتا ہے۔ متفق علیہ۔ یعنی مجھ میں اس کھانے پینے والے کی قوت پیدا کر دیتا ہے

وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ الْحَارِثِ بْنِ رِبْعِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ

ابو قتادہ حارث بن ربعی رضہ سے روایت ہے کہ کہا کہ فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَقُومُ إِلَى الصَّلَاةِ وَأُرِيدُ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ میں نماز کو کھڑا ہوتا ہوں اور چاہتا ہوں

أَنْ أُطَوِّلَ فِيهَا فَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فَأَتَجَوَّزُ فِي صَلَاتِي كَرَاهِيَةَ أَنْ أَشُقَّ

کہ لمبی کروں پھر سنتا ہوں لڑکے کا رونا تو اپنی نماز میں تخفیف کر دیتا ہوں درمیانے درجہ چلنے اس بات کی کہ اوسکی ماں پر

عَلَى أُمِّهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ

مشقت ڈالوں فقط روایت کی بخاری نے اور روایت ہے جندب بن عبداللہ رضہ سے کہ

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ نماز پڑھے صبح کی فقط پس وہ ذمہ میں

اللَّهِ فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللَّهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ فَإِنَّهُ مَنْ يَطْلُبْهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ

اللہ کے ہے پس نہ طلب کرے تم سے اللہ واسطے ذمہ اپنے کے ساتھ کسی چیز کے پس وہ جسکو کہ طلب کرے گا اللہ ذمہ اپنے کے سے کسی چیز کے

يُدْرِكْهُ ثُمَّ يَكُبَّهُ عَلَى وَجْهِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ

پکڑیگا اوسکو پھر گرا دیگا اوسکو اوندھا اوسکے منہ کے بل دوزخ کی آگ میں روایت کی یہ مسلم نے ابن عمر رضہ سے روایت ہے

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ

کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اوسپر ظلم کرے اور نہ

وَمَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللَّهُ فِي حَاجَتِهِ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللَّهُ

اوسکو پہنچائے اور جو شخص رہا ہو بھائی کی حاجت روائی میں ہوا اللہ اوسکی حاجت روائی میں ہوا اور جو شخص مسلمان سے کوئی رنج دور کرے

عَنْهُ بِهَا كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اللہ تعالیٰ قیامت کے رنجوں میں سے اوسکے رنج دور کریگا اور جو شخص مسلمان پر پردہ ڈالے قیامت کو خدا تعالیٰ اوسپر پردہ ڈالے گا۔

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

متفق علیہ اور ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَخُونُهُ وَلَا يَكْذِبُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ

نے فرمایا ہے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ خیانت کرے اوسکی اور نہ جھوٹ بولے اوس سے اور نہ ترک مدد کرے اوسکی

كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ عِرْضُهُ وَمَالُهُ وَدَمُهُ التَّقْوَى هَهُنَا بِحَسْبِ

مسلمان کے سب چیزیں مسلمان پر حرام ہیں آبرو اور مال اور خون اس کا تقویٰ یہاں ہے

امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْتَقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ حَدِيثٌ

آدمی کے لئے برائی کافی ہے کہ اپنے بھائی مسلمان کی حقارت کرے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا حدیث

حَسَنٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحَاسَدُوا

حسن ہے اور اوسی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک دوسرے کو حسد مت کرو

وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَدَابَرُوا وَلَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ وَ

اور نہ ناجش مت کرو اور ایک دوسرے سے بغض مت رکھو اور ایک دوسرے کی طرف پشت مت کرو اور تم میں کوئی دوسرے کی سودا پر سودا مت کرے

كُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ وَلَا يَحْقِرُهُ

اللہ کے بندے بھائی بھائی ہو جاؤ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ ظلم کرے اس پر اور نہ بے مدد کرے اس کی اور حقیر نہ جانے اس کو نہ تو بھی یہاں

التَّقْوٰى هٰهُنَا وَيُشِيرُ إِلٰى صَدْرِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْقِرَ

ہے اور بتلاتے ہیں سینہ کی طرف تین بار کافی ہے آدمی کے لئے برائی کہ حقیر جانے

أَخَاهُ الْمُسْلِمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

اپنے مسلمان بھائی کو ہر چیز مسلمان کی مسلمان پر حرام ہے اس کا خون اور اس کا مال اور اس کی عزت

اَلنَّجْشُ أَنْ يَزِيدَ فِي ثَمَنِ سِلْعَةٍ يُنَادِي عَلَيْهَا فِي السُّوقِ وَنَحْوِهِ وَلَا غَبَنَ

ناجش کہتے ہیں کہ بازار وغیرہ میں کوئی چیز بکتی ہو اور وہ اس کو سنکر خریدنا چاہے

لَهُ فِي شِرَائِهَا بَلْ يَقْصِدُ أَنْ يَغُرَّ غَيْرَهُ وَهٰذَا حَرَامٌ وَالتَّدَابُرُ أَنْ يُعْرِضَ عَنْ

اور سودا بیچنا نہیں خریدنے کے صرف

الْإِنْسَانِ وَهَجْرُهُ وَيَجْعَلَهُ كَالشَّيْءِ الَّذِي وَرَاءَ الظَّهْرِ وَالدُّبُرِ وَعَنْ

مشارکت کرے بیچنے اور سودا اس چیز کی مثل ہو جو پشت کے پیچھے گرا دی گئی ہو اور مراد بیٹھ ہے انس رضی اللہ عنہ سے

أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى

وہ روایت کرتے ہیں نبی صلعم سے فرمایا کہ تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوتا جبتک کہ جو چیز

يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

پسند کرے اپنے لئے وہ پسند رکھے وہی چیز اپنے مسلمان بھائی کے لئے اور دوست رکھے اس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

وسلم نے فرمایا ہے کہ تو اپنے بھائی کی مدد کر خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو ایک آدمی نے عرض کی اے رسول اللہ

إِذَا كَانَ مَظْلُومًا أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ ظَالِمًا كَيْفَ أَنْصُرُهُ قَالَ تَحْجُزُهُ أَوْ تَمْنَعُهُ مِنَ

وہ مظلوم ہو تو میں اس کی نصرت کروں آپ فرماتے کہ اگر وہ ظالم ہو تو اس کو قوت اس کی مدد کس طرح کروں آپ نے فرمایا کہ تو اس کو ظلم سے

الظُّلْمِ فَإِنَّ ذٰلِكَ نَصْرُهُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

روک کر یا منع کر تو اس کی یہ مدد ہے روایت کی ہے بخاری نے

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ رَدُّ

کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کے حق مسلمان پر پانچ ہیں

السَّلَامِ وَعِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ وَإِجَابَةِ الدَّعْوَةِ وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ

سلام کا جواب دینا اور بیمار کی پوچھنا۔ اور جنازہ پر حاضر ہونا۔ اور دعوت قبول کرنی اور چھینکنے والے کا جواب دینا

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ إِذَا لَقِيتَهُ

متفق علیہ۔ اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ مسلمان کے حق میں مسلمان پر چھ چیزیں ہیں جب تو اس سے ملاقات کرے

فَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ وَإِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ وَإِذَا عَطَسَ

تو اس کو سلام کر جب وہ تجھ کو دعوت کرے تو قبول کر اور جب وہ خیر خواہی چاہے تو خیر خواہی کر جب وہ چھینکے اور

فَحَمِدَ اللَّهَ فَسَمِّتْهُ وَإِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ وَإِذَا مَاتَ فَاتَّبِعْهُ وَعَنْ أَبِي عُمَارَةَ

پھر الحمد للہ کہے تو اس کو جواب دے اور جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کر اور جب مر جائے تو اس کے جنازہ کے پیچھے جا۔ ابو عمارہ

الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

براء بن عازب رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو

بِسَبْعٍ وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ أَمَرَنَا بِعِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَاتِّبَاعِ الْجَنَازَةِ وَتَشْمِيتِ

سات چیزوں کا امر کیا اور سات چیزوں سے ہم کو منع کیا ہم کو بیمار پرسی کی اور جنازہ کے پیچھے جانے اور چھینکنے والے کے جواب دینے اور قسم

الْعَاطِسِ وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ وَنَصْرِ الْمَظْلُومِ وَإِجَابَةِ الدَّاعِي وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ وَ

کھانے والے کی قسم کو پورا کرنے اور مظلوم کی مدد اور دعوت کرنے والے کی اجابت اور سلام کے پھیلانے کا ہم کو حکم کیا۔ اور ہم کو منع کیا

نَهَانَا عَنْ خَوَاتِيمِ أَوْ تَخَتُّمٍ بِالذَّهَبِ وَعَنْ شُرْبٍ بِالْفِضَّةِ وَعَنِ الْمَيَاثِرِ الْحُمْرِ

انگوٹھیوں یا انگوٹھی بنانے سے اور چاندی کے برتن میں پانی پینے اور سرخ زین پوش بنانے اور

وَعَنِ الْقَسِّيِّ وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيرِ وَالْإِسْتَبْرَقِ وَالدِّيبَاجِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي

قسی اور اطلس پہننے سے منع فرمایا۔ متفق علیہ اور ایک روایت

رِوَايَةٍ وَإِنْشَادِ الضَّالَّةِ فِي السَّبْعِ الْأَوَّلِ لِمُبَاشَرَةِ بَيَاضٍ مُنْشَأَةٍ مِنْ تَحْتِ قَلِّ

میں پہلے سات میں گم شدہ چیز کی تعریف کرنی آئی ہے بیاض سادہ کا ریشم سے دونوں کی ملاوٹ سے

الْأَلِفِ وَتَاءٍ مُثَلَّثَةٍ بَعْدَهَا وَهِيَ جَمْعُ مَيْثَرَةٍ وَهِيَ شَيْءٌ يُتَّخَذُ مِنْ حَرِيرٍ وَتُحْشَى

الف اور تاء مثلثہ کے بعد کے میثرہ کی جمع ہے اور وہ ایک قسم کی گدی ہوتی ہے جو کہ ریشم سے بناتے ہیں اور روئی وغیرہ سے

قُطْنًا أَوْ غَيْرَهُ وَيُجْعَلُ فِي السَّرْجِ وَكُورِ الْبَعِيرِ وَيَجْلِسُ عَلَيْهِ الرَّاكِبُ وَالْقَسِّيُّ

اونٹ کے پالان اور کجاوہ پر کام میں لاتے ہیں اور سوار اس پر بیٹھتا ہے اور قسی

بِفَتْحِ الْقَافِ وَكَسْرِ السِّينِ الْمُهْمَلَةِ الْمُشَدَّدَةِ وَهِيَ ثِيَابٌ تُنْسَجُ مِنْ حَرِيرٍ

قاف کی فتحہ اور سین مہملہ مشددہ کی کسرہ سے ایک کپڑا ہے کہ ریشم

وَكِتَابَانِ مُخْتَلِطَيْنِ إِنْشَادُ الضَّالَّةِ تَعْرِيفُهَا

اور کتاب کو ملا کے بنے ہیں انشاد ضالہ سے مراد مشہور کرنا ہے

اَلْبَابُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ فِيْ سَتْرِ عَوْرَاتِ الْمُسْلِمِيْنَ وَ

اٹھائیسواں باب مسلمانوں کے چھپے پوشیدہ ڈھانپے اور

النَّهْيِ عَنْ إِشَاعَتِهَا لِغَيْرِ ضَرُوْرَةٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ

بلا ضرورت ان کے ظاہر کرنے سے نہی کے بیان میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے جو لوگ چاہتے ہیں

اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَ

کہ رواج پاوے بدکاری کا ایمان والوں میں ان کو دکھ کے مارنے دنیا اور آخرت

الْاٰخِرَةِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

میں اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

لَا يَسْتُرُ عَبْدٌ عَبْدًا فِي الدُّنْيَا اِلَّا سَتَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ

کوئی بندہ کسی بندہ پر پردہ پوشی نہیں کرتا مگر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اوسکی پردہ پوشی کرے گا روایت کی یہ

مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

مسلم نے اوسی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلعم کو فرماتے سنا تھا کہ فرماتے تھے میری

اُمَّتِيْ مُعَافًى اِلَّا الْمُجَاهِرِيْنَ وَاِنَّ مِنَ الْمُجَاهَرَةِ اَنْ يَّعْمَلَ الرَّجُلُ عَمَلًا

تمام امت معاف ہے پوشیدہ گناہ اور ظاہر ہونے میں سے ہے کہ آدمی رات کو کوئی

بِاللَّيْلِ ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْ سَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُ يَا فُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ

کام کرے اور صبح کرے اور اللہ تعالیٰ نے اوپر پردہ ڈال رکھا ہے پھر وہ لوگوں کو کہے اے فلانے میں نے رات

كَذَا وَكَذَا وَقَدْ بَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهُ فَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سَتْرَ اللّٰهِ عَلَيْهِ مُتَّفَقٌ

کیا ہے ایسا ایسا عمل کیونکہ رات کو اوپر پردہ ڈال رکھا تھا اوسکے رب نے پس صبح کو اوسنے اللہ کا پردہ ڈالا ہوا منکشف کر دیا۔ متفق

عَلَيْهِ وَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ

علیہ اوسی سے روایت ہے وہ روایت کرتا ہے نبی صلعم سے فرمایا کہ جب لونڈی زنا کرے کسی تم میں سے اور زنا اوسکا ظاہر ہو جائے تو اوسکو زنا کی سزا کی جاوے اور نہ عار

وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ اِنْ زَنَتْ الثَّانِيَةَ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ اِنْ زَنَتْ

دلائی جاوے اوسپر پھر دوسری بار زنا کرے تو پھر اوسکو سزا دی جاوے اور تثریب نہ کیجاوے۔ پھر اگر تیسری بار زنا کرے

الثَّالِثَةَ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِّنْ شَعْرٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اَلتَّثْرِيْبُ التَّوْبِيْخُ وَعَنْهُ قَالَ

تو اوسکو فروخت کر دے اگرچہ ایک رسی بال سے بنی ہوئی اوسکی قیمت میں ملے تثریب تہدید کرنا ہے۔ متفق علیہ۔

النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ فَقَالَ اضْرِبُوهُ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ

کہ ایک شخص نبی صلعم کے سامنے حاضر کیا گیا کہ اوسنے شراب پی تھی ع آپنے فرمایا کہ اسکو مارو کہا ابو ہریرہ نے

فَمِنَّا الضَّارِبُ بِيَدِهِ وَمِنَّا الضَّارِبُ بِنَعْلِهِ وَالضَّارِبُ بِثَوْبِهِ فَلَمَّا

کہ ہم میں سے کوئی اوسکو ہاتھ سے مارتا تھا اور کوئی جوتی سے مارتا تھا اور کوئی کپڑے اوسکو مارتا تھا جب وہ

انْصَرَفَ قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ أَخْزَاكَ اللهُ قَالَ لَا تَقُولُوا هٰكَذَا لَا تُعِينُوا

پھر کر چلا تو لوگوں میں سے ایک شخص نے اوسکو کہا کہ تجھے اللہ خوار کرے آپنے فرمایا ایسا مت کہو تم اسپر

عَلَيْهِ الشَّيْطَانَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

شیطان کی اعانت مت کرو۔ روایت کی یہ بخاری نے

اَلْبَابُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ فِيْ قَضَاءِ حَوَائِجِ الْمُسْلِمِيْنَ

انتیسواں باب مسلمانوں کی حاجت روائی کے بیان میں

قَالَ اللهُ تَعَالٰى وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تم نیکی کرو شاید تم کو نجات حاصل ہو۔ ابن عمر رض سے روایت ہے۔

عَنْهُمَا أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ

کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اوس پر ظلم کرے

وَلَا يُسْلِمُهُ مَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللهُ فِيْ حَاجَتِهِ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ

اور نہ اوسکو پہنچائے جو کوئی اپنے بھائی کی حاجت روائی میں ہو اللہ تعالیٰ اوسکی حاجت روائی میں ہوتا ہے اور جو شخص کسی

مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ بِهَا كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَتَرَ

کے رنج کو دور کرے خدا اللہ قیامت کے رنجوں میں سے اوسکا ایک رنج دور کریگا اور جو شخص

مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

مسلمان کے پردہ ڈالے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اوسکے پردہ ڈالیگا ابو ہریرہ رض سے روایت ہے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ

کہ جو شخص مومن سے دنیا کے رنجوں میں سے کوئی رنج

الدُّنْيَا نَفَّسَ اللهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ يَسَّرَ عَلٰى مُعْسِرٍ

دور کرے اللہ تعالیٰ قیامت کے رنجوں میں سے اوسکے رنج دور کریگا اور جو شخص تنگدست پر آسانی کرے

يَسَّرَ اللهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللهُ فِي الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ اوسکو دنیا اور آخرت میں آسانی کریگا۔ اور جسنے پردہ ڈالا مسلمان پر وہ ڈالیگا اللہ دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْهِ وَمَنْ سَلَكَ

اور آخرت میں اور اللہ تعالیٰ بندہ کی اعانت میں ہوتا ہے جبتک بندہ اپنے بھائی کی اعانت میں ہوتا ہے۔ اور جو شخص علم کی طلب

طَرِیْقًا یَلْتَمِسُ فِیْهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ طَرِیْقًا اِلَی الْجَنَّةِ وَمَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ

میں سفر کرے اللہ تعالیٰ اسکے لئے بہشت کیطرف راستہ آسان کر دیتا ہے اور نہیں جمع ہوتی کوئی قوم کسی

فِیْ بَیْتٍ مِّنْ بُیُوْتِ اللّٰهِ یَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَیَتَدَارَسُوْنَهٗ اِلَّا نَزَلَتْ

گھر میں اللہ کے گھروں میں سے کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب پڑھتے ہیں اور باہم دگر درس کرتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ نے

عَلَیْهِمُ السَّكِیْنَةُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَحَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ

ان پر سکینہ نازل کی رحمت انکو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے انکو احاطہ کر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ

فِیْمَنْ عِنْدَهٗ وَمَنْ بَطَّاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ یُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

ان لوگوں میں جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں انکا ذکر کرتا ہے اور جس شخص کو اسکا عمل پیچھے کر دیگا اسکا نسب اسکو آگے نہ

اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُوْنَ فِی الشَّفَاعَةِ

تیسواں باب شفاعت کے بیان میں

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّكُنْ لَّهٗ نَصِیْبٌ مِّنْهَا وَ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جو شخص نیک سفارش کریگا اسکو اس سے حصہ ملے گا۔

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ

روایت ہے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ طَالِبُ حَاجَةٍ اَقْبَلَ عَلٰی جُلَسَائِهٖ فَقَالَ اشْفَعُوْا

جب کوئی حاجتمند آتا تو آپ اپنے پاس بیٹھنے والوں کیطرف توجہ کرکے فرماتے کہ تم سفارش کرو تم کو اجر

تُؤْجَرُوْا وَیَقْضِی اللّٰهُ عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّهٖ مَا اَحَبَّ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَفِیْ

ملیگا۔ اور اللہ تعالیٰ نے کرتا کام کیونکہ ہوتا ہے اپنے نبی صلعم کی زبان پر جو چاہتا ہے متفق علیہ۔ اور ایک

رِوَایَةٍ فَمَا شَاءَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِیْ قِصَّةِ بَرِیْرَةَ وَ

روایت میں ہے جو چاہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بریرہ

زَوْجِهَا قَالَ قَالَ لَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَاجَعْتِیْهِ قَالَتْ

اور اسکے خاوند کے قصہ میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے بریرہ کو کہا کہ اگر تو اسکی طرف رجوع کر لے تو اس نے کہا

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَاْمُرُنِیْ قَالَ اِنَّمَا اَشْفَعُ قَالَتْ لَا حَاجَةَ لِیْ فِیْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

یا رسول اللہ آپ مجھ امر کرتے ہیں آپ نے فرمایا نہیں میں شفاعت کرتا ہوں اسنے عرض کی پھر اسکی حاجت نہیں روایت کی اسکو بخاری نے

اَلْبَابُ الْحَادِیْ وَالثَّلٰثُوْنَ فِی الْاِصْلَاحِ بَیْنَ النَّاسِ

باب اکتیسواں لوگوں میں صلح کرنے کے بیان میں

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی لَا خَیْرَ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰھُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَۃٍ اَوْ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ بھلائی اکثر مشورت میں نہیں ہوتی مگر جو شخص صدقہ کا

مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَیْنَ النَّاسِ وَقَالَ تَعَالٰی وَالصُّلْحُ خَیْرٌ ۝

حکم کرے یا نیک کام کا یا لوگوں میں اصلاح کا اور فرمایا ہے اور صلح بہتر ہے

وَقَالَ تَعَالٰی فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِکُمْ وَقَالَ تَعَالٰی اِنَّمَا

اور فرمایا ہے ڈرو اللہ سے اور اصلاح کرو آپس میں صلح کراؤ۔ اور فرمایا ہے کہ

الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

مومن بھائی ہیں سو صلح کرا دو اپنے بھائیوں میں صلح کرا دو۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّ سُلَامٰی مِنَ النَّاسِ عَلَیْہِ

کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ہر ایک عضو پر

صَدَقَۃٌ کُلَّ یَوْمٍ تَطْلُعُ فِیْہِ الشَّمْسُ تَعْدِلُ بَیْنَ الْاِثْنَیْنِ صَدَقَۃٌ وَ

ہر روز جس میں سورج نکلتا ہے صدقہ ہے دو

تُعِیْنُ الرَّجُلَ فِیْ دَابَّتِہٖ فَتَحْمِلُہٗ عَلَیْھَا اَوْ تَرْفَعُ لَہٗ عَلَیْھَا مَتَاعَہٗ صَدَقَۃٌ

آدمی کی مدد کرنا اس کی سواری میں اس کو سوار کرنا یا اس کا اسباب سوار کرنا صدقہ ہے اور

وَالْکَلِمَۃُ الطَّیِّبَۃُ صَدَقَۃٌ وَبِکُلِّ خُطْوَۃٍ تَمْشِیْھَا اِلَی الصَّلٰوۃِ صَدَقَۃٌ وَ

اچھا کلمہ کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک قدم جو نماز کی طرف چلے صدقہ ہے اور

تُمِیْطُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ صَدَقَۃٌ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ مِنْ حَدِیْثِ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

تکلیف والی چیز جیسے کانٹا اور ہڈی اور پتھر کو راہ سے دور کرنا صدقہ ہے متفق علیہ ابوہریرہ کی حدیث سے

یُصْلِحُ بَیْنَھُمَا بِالْعَدْلِ وَعَنْ اُمِّ کُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَۃَ بْنِ اَبِیْ مُعَیْطٍ

ان دو فریقوں میں عدل سے صلح کرا دے ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط رضی سے روایت ہے

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ

کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا تھا کہ

لَیْسَ الْکَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ فَیَنْمِیْ خَیْرًا اَوْ یَقُوْلُ خَیْرًا مُتَّفَقٌ

جھوٹا نہیں جو دو آدمی میں ملاپ کرا دے سو نیک بات کہے یا اپنی طرف سے جوڑے نیک۔ ملاپ کیواسطے متفق

عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ زِيَادَةٌ قَالَتْ وَلَمْ أَسْمَعْهُ يُرَخِّصُ فِي شَيْءٍ مِمَّا

علیہ اور مسلم کی روایت میں زیادہ ہے وہ بیان کرتی ہے کہ میں نے اسکو کبھی کسی بات میں سے کسی شے میں

يَقُولُ النَّاسُ إِلَّا فِي ثَلَاثٍ يَعْنِي الْحَرْبَ وَالْإِصْلَاحَ بَيْنَ النَّاسِ وَحَدِيثُ

نہیں سنا کہ لوگ کہتے ہیں مگر تین میں یعنی لڑائی میں اور لوگوں کے درمیان اصلاح کرانے میں اور

الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ وَحَدِيثُ الْمَرْأَةِ زَوْجَهَا وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

مرد کا اپنی عورت سے باتیں کرنا ہے اور عورت کا خاوند سے باتیں کرنی ہے۔ روایت ہے عائشہ رضی سے

قَالَتْ سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ خُصُومٍ بِالْبَابِ

کہ رسول اللہ صلعم نے کسی آواز جھگڑنے والوں کی جو دروازہ میں

عَالِيَةً أَصْوَاتُهُمَا وَإِذَا أَحَدُهُمَا يَسْتَوْضِعُ الْآخَرَ وَيَسْتَرْفِقُهُ فِي شَيْءٍ وَ

بلند آواز سے جھگڑتے تھے انمیں سے ایک دوسرے سے قرض میں سے کچھ چھوڑنا چاہتا اور نرمی کرنیکا سوال کرتا تھا اور وہ دوسرا

هُوَ يَقُولُ وَاللّٰهِ لَا أَفْعَلُ فَخَرَجَ عَلَيْهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

کہتا تھا کہ اللہ کی قسم ہے میں نہ کرونگا رسول اللہ صلعم انکے پاس تشریف لائے اور فرمایا

أَيْنَ الْمُتَأَلِّي عَلَى اللّٰهِ لَا يَفْعَلُ الْمَعْرُوفَ فَقَالَ أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَلَهُ أَيُّ ذٰلِكَ

کہاں ہے وہ شخص جو قسم کھاتا ہے کہ نیکی نہ کریگا اسنے کہا یا رسول اللہ میں ہوں اور اسکے لئے وہی ہے

أَحَبَّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ مَعْنَى يَسْتَوْضِعُهُ يَسْأَلُهُ أَنْ يَضَعَ عَنْهُ بَعْضَ دَيْنِهِ

جو چاہے متفق علیہ یستوضعہ کا معنے مانگتا ہے اس سے کہ کچھ قرض اسکو چھوڑ دے

وَيَسْتَرْفِقُهُ يَسْأَلُهُ الرِّفْقَ وَالْمُتَأَلِّي الْحَالِفُ وَعَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ سَهْلِ

ویسترفقہ یعنے نرمی چاہتا تھا اور متالی یعنے قسم کھانیوالا ابو العباس سہل ہیں

بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ

سعد ساعدی رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچی

أَنَّ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ كَانَ بَيْنَهُمْ شَرٌّ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

کہ بنی عمرو بن عوف میں باہم کچھ نزاع ہے آپ کچھ آدمی ساتھ لے کر

سَلَّمَ يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فِي أُنَاسٍ مَعَهُ فَحُبِسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انکی صلح کرانے کو تشریف لیگئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وہاں رک گئے

وَحَانَتِ الصَّلَاةُ فَجَاءَ بِلَالٌ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ

اور نماز کا وقت آگیا بلال ابوبکر کے پاس آیا اور کہا۔

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حُبِسَ وَحَانَتِ الصَّلٰوةُ فَهَلَّلَ نَاسٌ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیر ہو گئی ف اور نماز کا وقت آ گیا کچھ لوگوں نے

ثُمَّ النَّاسَ قَالَ نَعَمْ إِنْ شِئْتَ فَأَقَامَ بِلَالٌ وَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَكَبَّرُوا لَمَّا

نماز پڑھ لی کہتا ہے ابوبکر نے کہا ان اگر تو چاہتا ہے بلال نے اقامت کہی اور ابوبکر آگے کھڑے ہو کر تکبیر کہی اور لوگوں نے بھی

النَّاسُ وَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فِي الصُّفُوفِ حَتّٰى قَامَ

تکبیر کہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفوں تک پہنچے آپ نماز کی پہلی صف میں آ کھڑے ہوئے

فِي الصَّفِّ فَأَخَذَ النَّاسُ فِي التَّصْفِيقِ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلٰوتِهِ

پس لوگ تالی بجانے لگے ابوبکر نماز میں ادھر ادھر توجہ نہیں کرتے تھے

فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ التَّصْفِيقَ الْتَفَتَ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جب لوگوں نے تالی بجانا بہت کی تو وہ ادھر التفات کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا

فَأَشَارَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ يَدَيْهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ

رسول اللہ صلعم نے اشارہ کیا کہ نماز پڑھا پس ابوبکر نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالیٰ کی حمد کی

وَرَجَعَ الْقَهْقَرٰى وَرَاءَهُ حَتّٰى قَامَ فِي الصَّفِّ فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اور پیچھے پاؤں ہٹا کر پیچھے کو پھرا تا کہ صف میں آ کھڑا ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ يٰأَيُّهَا النَّاسُ

علیہ وسلم نے آگے ہو کر لوگوں کو نماز پڑھائی جب نماز سے فارغ ہوئے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ اے لوگو

مَالَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ شَيْءٌ فِي الصَّلٰوةِ أَخَذْتُمْ فِي التَّصْفِيقِ إِنَّمَا التَّصْفِيقُ

کیا ہوا تم کو جب کوئی چیز پیش ہوتی ہے تم نماز میں تو تم تالی بجانے لگتے ہو تالی بجانا عورتوں کے لئے

لِلنِّسَاءِ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلٰوتِهِ فَلْيَقُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ فَإِنَّهُ لَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ

مقرر ہے جب تم کو کوئی امر نماز میں پیش آ جایا کرے تو سبحان اللہ کہا کرو اسلئے کہ سبحان اللہ کو سنکر

حِينَ يَقُولُ سُبْحَانَ اللّٰهِ إِلَّا التَفَتَ يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ

ہر کوئی التفات کرتا ہے اے ابوبکر جب میں نے تجھے اشارہ کیا

حِينَ أَشَرْتُ إِلَيْكَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ

تجھے لوگوں کے نماز پڑھانے سے کس چیز نے منع کیا تھا۔ ابوبکر نے عرض کی کہ

أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ

ابوقحافہ کے بیٹے کو لائق نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے ہو کر نماز پڑھائے۔ متفق

عَلَيْهِ مَعْنَى حَبَسَ أَمْسِكُوهُ لِيَضْرِبُوهُ

علیہ معنی حبس کے ہیں کہ آپکو لوگوں نے اسلئے روک رکھا ہے تاکہ آپکی خبر لیں

اگر تجھے خواہش ہے تو میں تجھ سے حفصہ کا نکاح کردوں اوسنے کہا

قَالَ سَاَنْظُرُ فِیْ اَمْرِیْ فَلَبِثْتُ لَیَالِیَ ثُمَّ لَقِیَنِیْ فَقَالَ قَدْ بَدَا لِیْ اَنْ لَّا

میں سوچ کر جواب دونگا، عمر رضی نے کہا کچھ دن بعد عثمان سے اسکی ملاقات ہوئی تو اسنے کہا میں اب نکاح کرنا نہیں چاہتا

اَتَزَوَّجَ یَوْمِیْ هٰذَا فَلَقِیْتُ اَبَا بَكْرِنِ الصِّدِّیْقَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ فَقُلْتُ اِنْ شِئْتَ اَنْكَحْتُكَ

پھر میں نے ابوبکر صدیق رضی سے کہا اگر

حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ فَصَمَتَ اَبُوْ بَكْرٍ فَلَمْ یَرْجِعْ اِلَیَّ شَیْئًا فَكُنْتُ عَلَیْهِ وَجَدَ مِنِّیْ

تجھے خواہش ہے تو حفصہ کا نکاح تجھ سے کردوں ابوبکر رضی نے کچھ جواب نہ دیا، مجھے عثمان پر اس سے

عَلٰی عُثْمَانَ فَلَبِثْتُ لَیَالِیَ ثُمَّ خَطَبَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْكَحْتُهَا اِیَّاهُ

نہیں آیا تھا جیسا ابوبکر رضی سے آیا میں کچھ عرصہ خاموش رہا کہ رسول اللہ صلعم نے حفصہ سے نکاح کرنیکا پیغام کیا میں نے اسکا نکاح کرا دیا پھر

فَلَقِیَنِیْ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَیَّ حِیْنَ عَرَضْتَ عَلَیَّ حَفْصَةَ فَلَمْ

ابوبکر مجھے ملا اور کہا شاید تو مجھ پر غصہ ہوا ہوگا جب تو نے مجھے کچھ جواب نہیں دیا تھا۔

اَرْجِعْ اِلَیْكَ شَیْئًا فَمَا عَرَضْتَ عَلَیَّ اِلَّا اَنِّیْ كُنْتُ عَلِمْتُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

مجھے معلوم تھا کہ رسول اللہ صلعم حفصہ کا ذکر کرتے تھے اور میں آپکا راز

ذَكَرَهَا فَلَمْ اَكُنْ لِاُفْشِیَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ تَرَكَهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَبِلْتُهَا رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

افشا کرنا نہیں چاہتا تھا اور اگر نبی علیہ السلام اس سے نکاح نہ کرتے تو ضرور میں قبول کرلیتا۔ روایت کی یہ بخاری نے

تایمت ای صارت بلا زوج وکان زوجها توفی وجدت غضبت

تابیت یعنے بیوہ ہو گئی اور اسکا خاوند فوت ہو گیا تھا اور وجدت یعنے غصہ ہوا تو

وعن عائشة رضی الله عنها قالت کن ازواج النبی صلی الله علیه و

اور روایت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہے کہا کہ تھی نبی صلعم کی ازواج آپکے پاس

عندها فاقبلت فاطمة رضی الله عنها تمشی ما تخطی مشیتها من مشیة

خدمت میں کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آتی تھی نہیں تھی رسول اللہ صلعم کی چال سے خطا نہیں کرتی تھی چلنا

رسول الله صلی الله علیه وسلم شیئا فلما راها رحب بها وقال مرحبا بابنتی ثم

جب آپنے اسکو دیکھا آپ خوش ہوئے اور مرحبا کہکر آپنے

اجلسها عن یمینه او عن شماله ثم سارها فبکت بکاء شدیدا فلما رای

داہنی یا بائیں جانب بٹھلایا اور اس سے سرگوشی کی پس فاطمہ بہت سخت روئی جب آپنے اسکا اضطراب دیکھا تو پھر دوبارہ

حزنها سارها الثانیة فضحکت فقلت لها خصک رسول الله صلی الله علیه

سرگوشی کی پس فاطمہ نے ہنس دیا میں نے فاطمہ کو کہا کہ رسول اللہ صلعم نے تجھے

من بین نسائه بالسرار ثم انت تبکین فلما قام رسول الله صلی الله علیه

سب میں سے سرگوشی کے ساتھ مخصوص کیا پھر تو روتی ہے۔ جب رسول اللہ صلعم اٹھ کر چلے ہوئے

وسلم سالتها ما قال لک رسول الله صلی الله علیه فقالت ما کنت لافشی

تو میں نے اس سے پوچھا کہ رسول اللہ صلعم نے تجھے کیا کہا تھا اسنے کہا کہ میں

علی رسول الله صلی الله علیه وسلم سره فلما توفی رسول الله صلی الله علیه

رسول اللہ صلعم کا راز افشا نہیں کرتی جب رسول اللہ صلعم فوت

فلما عزمت علیک بما لی علیک من الحق لما حدثتنی ما قال لک رسول

تو میں نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کہا کہ میں تجھ کو قسم دیتی ہوں اپنے حق کی جو میرا حق تجھ پر ہے تو مجھے وہ بات بتلا جو تجھے رسول

الله صلی الله علیه وسلم فقالت اما الان فنعم فحدثتنی حین سارنی فی المرة

اللہ صلعم نے سرگوشی کرکے کہی تھی اسنے کہا ہاں اب میں بتلا دوں گی جب آپنے پہلے دفعہ سے سرگوشی کی تھی

الاولی فاخبرنی ان جبریل صلی الله علیه کان یعارضه القرآن کل سنة مرة

تو فرمایا تھا کہ جبرئیل علیہ السلام ... میں مجھ سے ایک دفعہ

او مرتین وانه عارضه الآن مرتین ولا اری الا اجلی الا قد اقترب فاتقی

یا دو دفعہ قرآن کا دور کیا کرتا تھا اور اب کے سال دو بار دور کیا ہے میں جانتا ہوں کہ میری موت قریب ہے تو اللہ

اللہ واصبری فانہ نعم السلف انا لک فمکثت بکائی الدہ رأیت فلما
اور صبر کرو کہ کیا میں تیری لئے میر منزل خوب ہوں یہ بات سنکر میں نے رونا جو تو نے دیکھا تھا۔ پھر آپ نے میری
رأی جزعی سارنی الثانیۃ فقال یا فاطمۃ اما ترضین ان تکونی سیدۃ نساء
جزع دیکھی تو دوبارہ مجھ سے سرگوشی کی کہ فرمایا کہ اے فاطمہ
المؤمنین او سیدۃ نساء ھذہ الامۃ فضحکت ضحکی الذی رأیت متفق علیہ
سب عورتوں یا اس امت کی عورتوں کی سردار ہو تو یہ بات سنکر میں نے ہنس دیا جو تو نے دیکھا تھا۔ متفق علیہ
وھذا لفظ مسلم وعن ثابت عن انس رضی اللہ عنہ قال اتی علی رسول
اور یہ لفظ مسلم کے ہیں۔ اور روایت ہے ثابت سے کہ نقل کی انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ انس رضی اللہ عنہ نے کہا میں
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا العب مع الغلمان فسلم علینا فبعثنی فی حاجۃ
لڑکوں کیساتھ کھیل رہا تھا کہ رسول اللہ صلعم وہاں تشریف لائے اور ہم کو سلام کیا پس آپنے مجھے کسی کام کو
فابطأت علی امی فلما جئت قالت ما حبسک قلت بعثنی رسول اللہ
بھیجا پس مجھ والدہ کے پاس جانے میں دیر ہوئی جب میں والدہ کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ تجھے کس نے روکا کہا میں نے کہا رسول اللہ صلعم
صلی اللہ علیہ وسلم فی حاجۃ قالت ما حاجتہ قلت انہا سر قالت لا تخبرن
نے مجھے کسی کام کو بھیجا تھا انہوں نے کہا آپکا کیا کام تھا میں نے کہا وہ راز کی بات ہے انہوں نے مجھے کہا
بسر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احدا قال انس واللہ لو حدثت بہ احدا
رسول اللہ صلعم کا راز ہرگز کسیکو نہ بتلانا۔ انس نے کہا واللہ اگر میں کسیکو یہ بات بتلاتا
لحدثتک بہ یا ثابت رواہ مسلم وروی البخاری بعضہ مختصرا
تو اے ثابت تجھے بھی بتلا دیتا۔ روایت کی اس کو مسلم نے اور بخاری نے اسکو مختصر کرکے ذکر کیا ہے

الباب السابع والثمانون فی الوفاء بالعہد وانجاز الوعد
باب ستاسی عہد کے وفا کرنے اور وعدہ کے پورا کرنے کے بیان میں

قال اللہ تعالی واوفوا بالعہد ان العہد کان مسئولا وقال تعالی
فرمایا اللہ تعالی نے اور عہد کی وفا کرو کہ عہد سے سوال کیا جائے گا۔ اور فرمایا
واوفوا بعہد اللہ اذا عاھدتم وقال تعالی یا ایھا الذین امنوا اوفوا
تم اللہ کی عہد کی وفا کرو جب تم عہد کرو۔ اور فرمایا اے ایمان والو پورا کرو
بالعقود وقال تعالی یا ایھا الذین امنوا لم تقولون ما لا تفعلون
اقرار۔ اور فرمایا اے ایمان والو ایسی بات تم منہ سے کیوں نکالتے ہو۔ جو نہیں کرتے

كبر مقتا عند الله ان تقولوا ما لا تفعلون وعن ابی هريرة رضی الله عنه

بڑی بیزاری ہے اللہ کے ہاں کہ کہو وہ چیز جو نہ کرو۔ اور ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اية المنافق ثلث اذا حدث كذب

اللہ صلعم نے فرمایا کہ منافق کی تین نشانی ہیں جب بات کہتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور جب قول اقرار کرتا ہے

واذا وعد اخلف واذا اؤتمن خان متفق عليه زاد في رواية لمسلم وان

تو خلاف کرتا ہے اور جب اسکے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت کرتا ہے متفق علیہ اور مسلم کی ایک روایت میں زیادہ کیا ہے اگرچہ روزے رکھے

صام وصلى وزعم انه مسلم وعن عبد الله بن عمرو بن العاص رضی الله

اور نماز پڑھے اور مسلمان ہونیکا اقرار کرے وہ اور عبداللہ بن عمرو بن عاص رضؓ سے

عنهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اربع من كن فيه كان منافقا خالصا

روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ چار خصلتیں ہیں جس میں چاروں ہونگے وہ خالص منافق ہے

ومن كانت فيه خصلة منهن كانت فيه خصلة من النفاق حتى يدعها

اور جس میں ان چاروں میں ایک خصلت ہو تو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہے جب تک کہ اس کو چھوڑ دے ایک یہ کہ جب امانت رکھی جاوے

اذا اؤتمن خان واذا حدث كذب واذا عاهد غدر واذا خاصم فجر متفق عليه

تو خیانت کرتا ہے دوسرے کہ جب بات کرتا ہے جھوٹ بولتا ہے تیسرے کہ جب عہد کرتا ہے تو اسکے خلاف کرتا ہے چوتھے کہ جب لڑتا ہے تو گالی بکتا ہے اور بیجا لڑتا ہے

وعن جابر رضی الله عنه قال قال لی النبی صلى الله عليه وسلم لو قد جاء

اور جابر رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے مجھے فرمایا کہ اگر

مال البحرين اعطيتك هكذا وهكذا وهكذا فلم يجئ مال البحرين حتى قبض

بحرین سے مال آیا تو تجھ کو ایسا اور ایسا اور ایسا دونگا پھر بحرین سے مال نہ آیا تا کہ آپ فوت ہو گئے

النبی صلى الله عليه وسلم فلما جاء مال البحرين امر ابو بكر رضی الله عنه

پس جب بحرین سے مال آیا تو ابو بکر رضؓ نے

فنادی من كان له عند رسول الله صلى الله عليه وسلم عدة او دين فليأتنا

منادی کی کہ جس رسول اللہ صلعم کا کچھ وعدہ ہو یا کچھ قرض ہو تو وہ ہمارے پاس آوے

فاتيته فقلت له ان النبی صلى الله عليه وسلم قال لی كذا وكذا فحثى لی

پس میں ابو بکر رضؓ کے پاس گیا اور کہا کہ نبی صلعم نے مجھے ایسا اور ایسا فرمایا تھا پس دیئے

حثية فعددتها فاذا هی خمسمائة فقال لی خذ مثليها متفق عليه

مجھ کو ابو بکر رضؓ نے لپ بھر کر پس گنا تو وہ پانسو تھے فرمایا ابو بکر صدیق رضؓ نے کہ دو دو مثل وہ لے لے۔ متفق علیہ

اَلْبَابُ الثَّامِنُ وَالثَّمَانُوْنَ فِی الْمُحَافَظَةِ عَلٰی مَا اعْتَادَهٗ مِنَ الْخَیْرِ

باب اٹھاسی ۸۸ اچھی عادت پر محافظت کرنے کے بیان میں

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ وَقَالَ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے اللہ نہیں بدلتا جو کچھ کسی قوم کو جب تک وہ خود نہ بدلیں جو کچھ ان کے دل میں ہے اور فرمایا

تَعَالٰی وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِیْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا وَالْاَنْكَاثُ

اور نہ ہو جیسے وہ عورت کہ توڑ ڈالا اپنا سوت کاتا محنت کے پیچھے ٹکڑے ٹکڑے کئے اور انکاث

جَمْعُ نِكْثٍ وَهُوَ الْغَزْلُ الْمَنْقُوْضُ وَقَالَ تَعَالٰی وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اُوْتُوا

جمع نکث کی ہے اور وہ سوت ہیں توڑے ہوئے اور فرمایا اور نہ ہو جیسے جنکو دی

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَیْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَقَالَ تَعَالٰی فَمَا

کتاب اس سے پہلے پھر لمبی گذری انپر مدت پھر سخت ہوگئے انکے دل اور فرمایا تو نے

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَایَتِهَا وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

بنایا اسکو جیسا چاہئے بنانا اور عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے

قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَبْدَ اللّٰهِ لَا تَكُنْ مِثْلَ فُلَانٍ

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے عبد اللہ تو فلانے کی طرح مت ہو جیو

كَانَ یَقُوْمُ فِی اللَّیْلِ فَتَرَكَ قِیَامَ اللَّیْلِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

کہ وہ رات کو اٹھا کرتا تھا پھر چھوڑ دیا رات کا اٹھنا متفق علیہ

اَلْبَابُ التَّاسِعُ وَالثَّمَانُوْنَ فِی اسْتِحْبَابِ طِیْبِ الْكَلَامِ وَ

باب نواسی ۸۹ ملاقات کے وقت کشادہ روئی اور خوش کلامی اور

طَلَاقَةِ الْوَجْهِ عِنْدَ اللِّقَاءِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ

شیریں زبانی کے استحباب کے بیان میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور تو اپنے بازو مومنوں کے لئے بچھا دے

وَقَالَ تَعَالٰی وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ وَعَنْ

اور فرمایا اگر تو سخت گو سخت دل ہوتا تو تیرے گرد سے ضرور منتشر ہو جاتے اور

عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اتَّقُوا

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگ سے

النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَمَنْ لَمْ یَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَیِّبَةٍ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ

بچو اگر چھوارہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے صدقہ کرنے سے ہو سکے جسکو یہ بھی میسر نہ ہو تو خوش کلامی سے ہی سہی متفق علیہ اور ابو ہریرہ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالْکَلِمَۃُ الطَّیِّبَۃُ صَدَقَۃٌ

نبی صلعم نے فرمایا کہ کلمہ طیب صدقہ ہے

مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ ھُوَ بَعْضُ حَدِیْثٍ تَقَدَّمَ بِطُوْلِہٖ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

متفق علیہ اور یہ حدیث طویل کا ایک ٹکڑا ہے جو پہلے گذر چکی ہے اور ابوذر رضہ سے روایت ہے

قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَیْئًا

کہ رسول اللہ صلعم نے مجھے فرمایا کہ تو نیک کاموں میں سے کسی عمل کو حقیر مت سمجھ

وَلَوْ اَنْ تَلْقٰی اَخَاکَ بِوَجْہٍ طَلْقٍ رَوَاہُ مُسْلِمٌ

اگرچہ تو اپنے بھائی سے کشادہ روئی سے ملاقات کرے۔ اس روایت کو امام مسلم نے

اَلْبَابُ الْتَّسْعُوْنَ فِیْ اِسْتِحْبَابِ سِیَاقِ الْکَلَامِ وَاِیْضَاحِہٖ

باب ۹۰ نرمی سے کلام کو جب مخاطب سمجھ سکے اور ایضاح کے ساتھ سمجھ لے تو اسکے سمجھانے کو

وَالْمُخَاطَبَۃِ وَتَکْرِیْرِہٖ لِیَفْھَمَ اِذَا لَمْ یَفْھَمْ اَلْاَدِلَّۃُ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

اور تکرار سے بیان کرنے کے استحباب میں کہ انس رضہ سے روایت ہے

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا تَکَلَّمَ بِکَلِمَۃٍ اَعَادَھَا ثَلَاثًا حَتّٰی تُفْھَمَ

نبی صلعم جب کلام کیا کرتے تو ایک کلمہ کو تین بار اعادہ فرماتے تاکہ سمجھا جائے اور جب کسی قوم کے

عَنْہُ وَاِذَا اَتٰی عَلٰی قَوْمٍ فَسَلَّمَ عَلَیْھِمْ سَلَّمَ ثَلَاثًا رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ عَائِشَۃَ

پاس تشریف لاتے تو انکو تین بار السلام علیکم کہا کرتے تھے روایت کی یہ بخاری نے اور روایت ہے عائشہ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ کَانَ کَلَامُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَلَامًا فَصْلًا

رضہ سے کہا کہ رسول اللہ صلعم کا کلام ایسا واضح و روشن ہوا کرتا تھا

یَفْھَمُہٗ کُلُّ مَنْ یَسْمَعُہٗ رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ

کہ جو سنتا اس کو سمجھ لیتا تھا۔ روایت کی یہ ابوداؤد نے

اَلْبَابُ الْحَادِیْ وَالتِّسْعُوْنَ فِیْ صِفَۃِ الْمَجْلِسِ لِلْحَدِیْثِ

باب ۹۱ اس بیان میں کہ جو کلام

جَلِیْسُہُ الَّذِیْ لَیْسَ بِحَرَامٍ وَاسْتِنْصَاتُ الْعَالِمِ وَالْوَاعِظِ حَاضِرِیْ مَجْلِسِہٖ

حرام ہو ہمنشین دوسرے ہمنشین کو سنوا دیا کرے اور عالم اور واعظ اپنی مجلس کے حاضرین کو خاموش کرا دیا کریں۔

عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

روایت ہے جریر بن عبداللہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلعم نے

علیہ وسلم فی حجۃ الوداع استنصت الناس ثم قال لا ترجعوا بعدی کفارا

علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں مجھے فرمایا کہ لوگوں کو چپ کرا، پھر آپ نے فرمایا کہ میرے بعد پلٹ کر کافر نہ ہو جانا

یضرب بعضکم رقاب بعض متفق علیہ

کہ تم لوگوں سے بعض بعضوں کی گردنیں ماریں متفق

الباب الثانی والتسعون فی الوعظ والاقتصاد فیہ

باب ۹۲ وعظ اور اسمیں میانہ روی کرنے بیان میں

قال اللہ تعالیٰ ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ وعن

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اپنے رب کے رستہ کی طرف حکمت دانی اور موعظت حسنہ سے بلا اور روایت ہے

ابی وائل شقیق بن سلمۃ قال کان ابن مسعود رضی اللہ عنہ یذکر الناس فی کل

ابو وائل شقیق بن سلمہ سے کہا کہ ابن مسعود رضی ہر

خمیس مرۃ فقال لہ رجل یا ابا عبد الرحمن لوددت انک ذکرتنا کل یوم

پھر وہ ہر جمعرات میں ایک دفعہ ہمکو وعظ سنایا کرتے تھے ایک آدمی نے کہا اے ابو عبد الرحمن میں چاہتا ہوں کہ ہم کو ہر روز وعظ سنایا کرو

فقال لہ اما انہ یمنعنی من ذلک انی اکرہ ان املکم وانی اتخولکم بالموعظۃ

کہا سنو اس سے یہ بات روکتی ہے کہ میں تم کو ملال کروں میں تم کو وعظ سنانا چاہوں

کما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتخولنا بہا مخافۃ السامۃ علینا متفق

جیسا رسول اللہ صلعم ہم کو سنایا کرتے تھے اس خوف سے کہ ہمکو ملالت و دلگیری نہ ہو۔ متفق

یتعہدنا وعن ابی الیقظان عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ قال سمعت

خبر لیتے تھے کہ آدمی کا ہادی اور رہنما ہے ابو الیقظان عمار بن یاسر رضہ سے کہا کہ میں سنتا تھا کہ رسول اللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان طول صلوۃ الرجل وقصر خطبتہ

صلعم فرماتے تھے کہ آدمی کا نماز کو دراز کرنا اور خطبہ کو چھوٹا کرنا

مئنۃ من فقہہ فاطیلوا الصلوۃ واقصروا الخطبۃ رواہ مسلم ومئنۃ بمیم

آدمی دانائی کی علامت ہے تم نماز کو دراز کیا کرو اور خطبہ چھوٹا کیا کرو۔ روایت کی یہ مسلم نے ط اور منۃ ساتھ میم

مفتوحۃ ثم ہمزۃ ساکنۃ ثم نون مشددۃ ای علامۃ دالۃ علی فقہہ

مفتوحہ کے پھر ہمزہ ساکنہ کے پھر نون مشدد کے یعنی نشانی ہے اسکے فقاہت کی

وعن معاویۃ بن الحکم السلمی رضی اللہ عنہ قال بینا انا اصلی مع

اور روایت ہے معاویہ بن حکم سلمی رضہ سے کہا کہ میں رسول اللہ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

رسول اللہ صلعم کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا کہ لوگوں میں سے ایک آدمی نے چھینک لی میں نے یرحمک اللہ کہدیا لوگ

فَرَمَانِيَ الْقَوْمُ بِأَبْصَارِهِمْ فَقُلْتُ وَاثُكْلَ أُمِّيَاهْ مَا شَأْنُكُمْ تَنْظُرُونَ إِلَيَّ

مجھ کو دیکھنے لگے میں نے کہا کیا مصیبت آئی میری طرف کیوں دیکھتے ہو لوگ میری اس

فَجَعَلُوا يَضْرِبُونَ بِأَيْدِيهِمْ عَلَى أَفْخَاذِهِمْ فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ يُصَمِّتُونَنِي لٰكِنِّي سَكَتُّ

بات سے ناخوش ہوئے لگے رانوں پر مارنے جب میں نے دیکھا کہ مجھ کو چپ کراتے ہیں میں چپ ہو گیا

فَلَمَّا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِأَبِي هُوَ وَأُمِّي مَا رَأَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهُ

رسول اللہ صلعم نماز پڑھ چکے میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں میں نے آپ سے پہلے اور

وَلَا بَعْدَهُ أَحْسَنَ تَعْلِيمًا مِّنْهُ فَوَاللّٰهِ مَا كَهَرَنِي وَلَا ضَرَبَنِي وَلَا شَتَمَنِي قَالَ

نہ دیکھا اب نہ اس سے پہلے نہ اس سے اچھا سکھانے والا کوئی میں نے آپ جیسا نہ آپ نے مجھ کو مارا اور نہ گالی دی بلکہ آپ نے فرمایا

إِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ لَا يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِّنْ كَلَامِ النَّاسِ إِنَّمَا هِيَ التَّسْبِيحُ وَالتَّكْبِيرُ

کہ نماز میں کسی لوگوں کے کلام کرنی لائق نہیں ہے نماز میں تسبیح اور تہلیل اور

وَقِرَاءَةُ الْقُرْآنِ أَوْ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُولَ

قرآن پڑھنا جیسا کہ آپ نے فرمایا میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں تو مسلمان بن

اللّٰهِ إِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ وَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ وَإِنَّ مِنَّا رِجَالًا

اور اب اللہ تعالیٰ نے ہم میں اسلام ظاہر کر دیا ہے ہم میں سے بعضے لوگ ایسے ہیں کہ کاہنوں کے پاس

يَأْتُونَ الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَأْتِهِمْ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَتَطَيَّرُونَ قَالَ ذٰلِكَ

جاتے ہیں آپ نے فرمایا تو ان کے پاس مت جایا کر پھر میں نے عرض کی کہ ہم میں سے بعضے ایسے ہیں کہ شگون بد لیتے ہیں آپ نے فرمایا یہ

شَيْءٌ يَجِدُونَهُ فِي صُدُورِهِمْ فَلَا يَصُدَّنَّهُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالثُّكْلُ بِضَمِّ الثَّاءِ الْمُثَلَّثَةِ

ایک شے ہے کہ پاتے ہیں دلوں میں پس نہ ہٹنا چاہیے ان کو اس سے اور روایت یہ مسلم نے نقل کی ساتھ ضمہ ثاء مثلثہ کے

الْمُصِيبَةُ وَالْفَجِيعَةُ فَاكْهَرَنِي أَيْ مَا نَهَرَنِي وَعَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ رَضِيَ

مصیبت اور دردہے اور فاکہرنی یعنے نہیں جھڑکا مجھ کو اور روایت ہے عرباض بن ساریہ سے

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ وَعَظَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْعِظَةً وَجِلَتْ مِنْهَا

کہا کہ وعظ سنایا ہم کو رسول اللہ صلعم نے ایسا وعظ کہ ڈر گیا

اس سے

الْقُلُوبُ وَذَرِفَتْ مِنْهَا الْعُيُونُ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَقَدْ سَبَقَ بِكَمَالِهِ فِي

دل اور بہی اس سے آنسو اور ذکر کیا راوی نے ساری حدیث اور تحقیق گذر چکی کامل حدیث

پیچھے

بَابُ الْاَمْرِ بِالْمُحَافَظَةِ عَلَى السُّنَّةِ وَذَكَرْنَا اَنَّ التِّرْمِذِيَّ قَالَ اَنَّهُ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ

باب الامر بالمحافظۃ علی السنۃ میں اور پہلے ذکر کیا کہ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے

اَلْبَابُ الثَّالِثُ وَالتِّسْعُوْنَ فِي السَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ

باب ننانوے ۹۹ سکینہ اور وقار اور آہستگی کرنے کے بیان میں

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر نرمی پاؤں اور جب بات کرتے ہیں ان سے

الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَا رَاَيْتُ

بے سمجھ لوگ کہیں صاحب سلامت اور عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا قَطُّ ضَاحِكًا حَتّٰى يُرٰى مِنْهُ لَهَوَاتُهُ

حضرت صلعم کو کبھی ایسا ہنستے ہوئے کہ تمام منہ کھل جائے بیشک کہ دیکھا جائے اس سے کوا ان کا اور

اِنَّمَا يَتَبَسَّمُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ اَللَّهَوَاتُ جَمْعُ لَهَاةٍ وَهِيَ اللَّحْمَةُ الَّتِيْ فِيْ اَقْصَى سَقْفِ

اور بے شک آنحضرت صلعم ہنستے تھے متفق علیہ۔ لہوات جمع ہے لہاۃ کی اور وہ وہ گوشت ہے جو حلق میں لٹکتی ہے

اَلْفَصْلُ الْبَابُ الرَّابِعُ وَالتِّسْعُوْنَ فِي النَّدْبِ اِلٰى اِتْيَانِ الصَّلٰوةِ

باب چورانوے ۹۴ نماز

وَالْعِلْمِ وَنَحْوِهَا مِنَ الْعِبَادَاتِ بِالسَّكِيْنَةِ وَالْوَقَارِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور علم کی تحصیل وغیرہا عبادات، تو چاہیئے سکینہ اور وقار اور آہستگی سے جانے کے بیان میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے

وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

اور جو شخص تعظیم کرے احکام کی تعظیم کرنے سے یہ ان کی پرہیزگاری سے ہے اور روایت ہے ابوہریرہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا

رضی اللہ عنہ سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلعم سے کہتے تھے

اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلَا تَاْتُوْهَا وَاَنْتُمْ تَسْعَوْنَ وَاْتُوْهَا وَاَنْتُمْ تَمْشُوْنَ عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ

نماز کی اقامت ہو جائے تو تم نماز کو بھاگ کر نہ آؤ لیکن آؤ نماز کو اور تم پر لازم ہے

وَالْوَقَارُ فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوْا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا

اور وقار سے جا کر جو پائے پڑھ لو امام کے ساتھ جو جائے پڑھ لو اور جو تم سے فوت ہو جائے تو پوری کرو متفق علیہ اور ان کی

لَهُ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا كَانَ يَعْمِدُ اِلَى الصَّلٰوةِ فَهُوَ فِيْ صَلٰوةٍ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

کسی میں کوئی جب نماز کو قصد کر کے جاتا ہے تو نماز میں ہی ہوتا ہے اور روایت ہے ابن عباس رض

رضي الله تعالى عنهما انه دفع مع النبي صلى الله عليه وسلم يوم عرفة فسمع النبي
صلى الله عليه وسلم وراءه زجرا شديدا وضربا وصوتا للابل فاشار بسوطه
اليهم وقال يا ايها الناس عليكم بالسكينة فان البر ليس بالايضاع رواه
البخاري وروى مسلم بعضه البر الطاعة والايضاع بضاد معجمة
قبلها همزة مكسورة وهو الاسراع

الباب الخامس والتسعون في اكرام الضيف

قال الله تعالى وهل اتاك حديث ضيف ابراهيم المكرمين اذ
دخلوا عليه فقالوا سلاما قال سلام قوم منكرون فراغ الى اهله فجاء
بعجل سمين فقربه اليهم قال الا تاكلون وقال تعالى وجاءه قومه
يهرعون اليه من قبل كانوا يعملون السيئات قال يا قوم هؤلاء بناتي
هن اطهر لكم فاتقوا الله ولا تخزون في ضيفي اليس منكم رجل رشيد
وعن ابي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن
بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر

فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ

تو چاہئے قرابت داروں سے اچھا سلوک کرے اور جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ اچھی بات کہے یا چپ رہے

متفق علیہ وَعَنْ أَبِي شُرَيْحٍ خُوَيْلِدِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعَتْ

متفق علیہ اور روایت ہے ابو شریح خویلد بن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہ انہوں نے سنا

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

رسول اللہ صلعم سے کہ فرماتے تھے جس شخص کو اللہ اور پچھلے دن پر ایمان ہے

فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتُهُ قَالُوا وَمَا جَائِزَتُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ يَوْمُهُ وَلَيْلَتُهُ

اس کو چاہیے کہ مہمان کا اکرام کرے اس کو عطیہ اور بخشش دے لوگوں نے عرض کی یا رسول اللہ جائزہ کیا ہے آپ نے فرمایا ایک دن رات مہمانی کرنی جائزہ ہے

وَالضِّيَافَةُ ثَلٰثَةُ أَيَّامٍ فَمَا كَانَ وَرَاءَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

اور تین دن تک ضیافت ہے اور اس سے زیادہ اس پر صدقہ ہے متفق علیہ

وَفِي رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يُقِيمَ عِنْدَ أَخِيهِ حَتّٰى يُؤْثِمَهُ قَالُوا يَا رَسُولَ

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے مسلمان کو حلال نہیں کہ اپنے بھائی کے پاس اتنا رہے کہ اس کو گناہگار کرے لوگوں نے کہا یا رسول

اللّٰهِ كَيْفَ يُؤْثِمُهُ قَالَ يُقِيمُ عِنْدَهُ وَلَا شَيْءَ لَهُ يَقْرِيهِ بِهِ

اللہ کیونکر گناہگار کرتا ہے فرمایا اس کے پاس اتنا رہے کہ اس کی مہمانی بھلائے اس کے پاس کچھ نہ رہے کہ مہمانی کرے

اَلْبَابُ السَّادِسُ وَالتِّسْعُونَ وَالسَّابِعُ وَالتِّسْعُونَ فِي اسْتِحْبَابِ

باب چھیانوے ۹۶ سے اور ستانوے ۹۷ تک

التَّبْشِيرِ وَالتَّهْنِئَةِ بِالْخَيْرِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ

خیر کی بشارت اور مبارکباد دینے کے استحباب کے بیان میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے بشارت سنا میرے بندوں کو

الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ وَقَالَ تَعَالٰى يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ

بات کو سنتے ہیں اور نیک بات کے تابع ہوتے ہیں اور فرمایا بشارت دیتا ہے ان کو رب

مِنْهُ وَرِضْوَانٍ وَجَنّٰتٍ لَهُمْ فِيهَا نَعِيمٌ مُقِيمٌ وَقَالَ تَعَالٰى وَأَبْشِرُوا

اپنی رحمت اور خوشنودی اور باغوں کی کہ انکے لئے ان میں نعمت مقیم ہے اور فرمایا اور خوشخبری ہو

بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ وَقَالَ تَعَالٰى فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ وَقَالَ

ساتھ جنت کے جسکا تم کو وعدہ کیا جاتا تھا اور فرمایا ہم نے اسکو لڑکے حلم والے کی بشارت دی اور فرمایا

تَعَالٰى وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوا وَقَالَ تَعَالٰى وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ

بیشک ہمارے رسول ابراہیم کے پاس بشارت لائے اور فرمایا اس کی عورت کھڑی تھی

فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحٰقَ وَقَالَ تَعَالٰى فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ

ہنسی پس ہم نے اس کو اسحاق کی بشارت دی۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرشتوں نے نداکی اور وہ کھڑا

يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ أَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى وَقَالَ تَعَالٰى وَإِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

محراب میں نماز پڑھ رہا تھا کہ بیشک اللہ تجھ کو یحییٰ کی بشارت دیتا ہے۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور جب کہا فرشتوں نے

يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ الْآيَةَ وَالْآيَاتُ فِي

اے مریم اللہ تجھ کو بشارت دیتا ہے ایک کلمہ کی کہ اسکا نام مسیح ہے الخ۔ اور آیتیں

الْبَابِ كَثِيرَةٌ مَّعْلُومَةٌ وَأَمَّا الْأَحَادِيثُ فَكَثِيرَةٌ جِدًّا وَهِيَ مَشْهُورَةٌ فِي

اس مضمون میں بہت ہیں اور احادیث تو بہت ہی ہیں اور وہ مشہور ہیں

الصَّحِيحَيْنِ مِنْهَا عَنْ أَبِي إِبْرَاهِيمَ وَيُقَالُ أَبُو مُحَمَّدٍ فَيُقَالُ أَبُو مُعَاوِيَةَ

صحیحین میں سے اور ابو ابراہیم یا ابو محمد یا ابو معاویہ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن ابی اوفی رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

بَشَّرَ خَدِيجَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَّا صَخَبَ فِيهِ

خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں ایک گھر کی بشارت دی جو موتی کا ہے جس میں شور

وَلَا نَصَبَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ الْقَصَبُ هُنَا اللُّؤْلُؤُ الْمُجَوَّفُ وَالصَّخَبُ الصِّيَاحُ

اور نہ ماندگی۔ متفق علیہ قصب سے یہاں مراد وہ موتیاں ہیں جنکا درمیان خالی ہو صخب بلند آواز

وَاللُّغُوبُ وَالنَّصَبُ التَّعَبُ وَعَنْ أَبِي مُوسٰى الْأَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اور لغوب ہے اور نصب ماندگی ہے اور روایت ہے ابو موسے اشعری رضی سے

أَنَّهُ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ لَأَلْزَمَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس نے اپنے گھر میں وضو کیا پھر باہر نکلا اور دل میں ارادہ کیا کہ آج میں تمام دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے

وَلَأَكُونَنَّ مَعَهُ يَوْمِي هٰذَا فَجَاءَ الْمَسْجِدَ فَسَأَلَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ساتھ رہونگا پس مسجد میں آکر رسول اللہ صلعم کا حال دریافت کیا

فَقَالُوا وَجَّهَ هٰهُنَا فَخَرَجْتُ عَلٰى أَثَرِهِ أَسْأَلُ عَنْهُ حَتّٰى دَخَلَ بِئْرَ أَرِيسٍ

لوگوں نے کہا کہ ادھر کو تشریف لیگئے ہیں کہ میں پوچھتا ہوا انکے پیچھے گیا یہاں تک کہ آپ چاہ اریس میں داخل ہوئے

فَجَلَسْتُ عِنْدَ الْبَابِ حَتّٰى قَضٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ وَ

اور میں دروازہ میں بیٹھ گیا تاکہ آپ قضاء حاجت سے فارغ ہوکر

توضأ فقمت إليه فإذا هو قد جلس على بئر أريس وتوسط قفها وكشف
وضو کیا میں آیا پاس تو کیا آپ بیٹھے ہیں بیر اریس پر بیچ میں گھٹنے کھولے اور آپ کی دونوں
عن ساقيه ودلاهما في البئر فسلمت عليه ثم انصرفت فجلست عند
پنڈلیاں کھولیں اور دونوں پاؤں کنوئیں میں لٹکا دیے ہیں کنوئیں کے پاس آپکو سلام کیا اور آکر دروازے کے پاس
الباب فقلت لأكونن بواب رسول الله صلى الله عليه وسلم اليوم فجاء
بیٹھ گیا دل میں گمان کیا کہ آج میں رسول اللہ صلعم کی دربانی کرونگا پس
أبو بكر رضي الله عنه فدفع الباب فقلت من هذا فقال أبو بكر فقلت
ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آکر دروازہ ہلایا میں نے کہا کون ہے اسنے کہا ابوبکر ہے میں نے کہا
على رسلك ثم ذهبت فقلت يا رسول الله هذا أبو بكر يستأذن فقال
ٹھیرجا پھر میں رسول اللہ صلعم کی خدمت میں عرض کی کہ ابوبکر ہے اور آپکی اذن مانگتا ہے آپنے فرمایا
ائذن له وبشره بالجنة فأقبلت حتى قلت لأبي بكر ادخل ورسول الله
اسکو اذن دے اور بہشت کی خوشخبری سنا دے میں پھرا ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہا کہ اندر آجا اور
يبشرك بالجنة فدخل أبو بكر حتى جلس عن يمين النبي صلى الله عليه وسلم
تجھ بہشت کی خوشخبری دیتے ہیں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ آیا اور رسول اللہ صلعم کی داہنی طرف
معي في القف ودلى رجليه في البئر كما صنع رسول الله صلى الله عليه وسلم
میرے ساتھ چبوترہ پر بیٹھ گیا اور رسول اللہ صلعم کی طرح پائنچے اوپر کھینچ کر کنوئیں
وكشف عن ساقيه ثم رجعت وجلست وقد تركت أخي يتوضأ ويلحقني
اور دونوں پنڈلیاں کھولی کر دیں میں پھر وہاں ہی جا بیٹھا اور میں نے اپنے بھائی کو وضو کرتے ہوئے چھوڑا تھا کہ وضو کر کے مجھ سے آن ملیگا
فقلت إن يرد الله بفلان يريد بأخيه خيرا يأت به فإذا إنسان يحرك
پھر میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے فلانے سے بھلائی کا ارادہ کیا تو اسکو یہاں لاوے گا
الباب فقلت من هذا فقال عمر بن الخطاب فقلت على رسلك ثم جئت
کہ ایک آدمی نے دروازہ ہلایا میں نے کہا کون ہے اسنے کہا عمر بن خطاب میں نے کہا ٹھیر جا پھر میں
إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فسلمت عليه وقلت هذا عمر يستأذن
رسول اللہ صلعم کی خدمت میں جا کر عرض کی کہ عمر رضی اللہ عنہ اذن مانگتا ہے آپنے فرمایا
فقال ائذن له وبشره بالجنة فجئت عمر فقلت اذن ادخل ويبشرك رسول
اسکو اجازت دے اور بہشت کی بشارت سنا دے میں نے آکر عمر رضی اللہ عنہ کو کہا اندر آجا اور رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالجنۃ فدخل فجلس مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ صلعم مجھ کو بہشت کی بشارت فرماتے ہیں پس گیا اور رسول اللہ صلعم کی

فی القف عن یسارہ ودلی رجلیہ فی البئر ثم رجعت فجلست فقلت

بائیں طرف کو بیس میں پاؤں لٹکا کر بیٹھ گیا اور میں لوٹا کر دہان ہی پر بیٹھا اور دل میں کہتا تھا

ان یرد اللہ بفلان خیرا یعنی اخاہ یات بہ فجاء انسان فحرک الباب

کہ اگر اللہ تعالے فلانے سے بھائی کا ارادہ کیا تو اسکو یہاں لاوے گا پس ایک آدمی نے دروازہ ہلایا

فقلت من ھذا فقال عثمان بن عفان فقلت علی رسلک وجئت النبی

پوچھا کون ہے اسنے کہا عثمان بن عفان میں نے کہا ٹھہر جا اور نبی صلے

صلی اللہ علیہ وسلم فاخبرتہ فقال ائذن وبشرہ بالجنۃ مع بلوی تصیبہ

اللہ علیہ وسلم کو انکر خبر کی آپنے فرمایا اسکو اذن دے اور جنت کی خوشخبری ساتھ ایک بلوے کے جسمیں وہ مبتلا ہوگا سنا دے

فجئت فقلت ادخل ویبشرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالجنۃ مع

پس گیا کہا اسکو کہا کہ اندر آجا اور رسول اللہ صلعم مجھ کو خوشخبری دیتے ہیں جنت کی ساتھ

بلوی تصیبک فدخل فوجد القف قد ملئ فجلس وجاھم من الشق

ایک بلوی کے جسمیں تو گرفتار ہوگا وہ آیا اور کنارہ بھرا ہوا پایا پس انکے سامنے دوسری طرف بیٹھ گیا

الاخر قال سعید بن المسیب فاولتھا قبورھم متفق علیہ وزاد فی روایۃ

کہا سعید بن المسیب نے میں تعبیر کیا ہے اس تہا بیٹھنے انکی سے قبر انکی کو متفق علیہ اور ایک روایت میں ہے

وامرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحفظ الباب وفیھا ان عثمان حین

اور مجھے رسول اللہ صلعم نے دروازہ کی حفاظت کا امر کیا اور اس روایت میں ہے کہ جب عثمان کو

بشرہ حمد اللہ تعالی ثم قال اللہ المستعان قولہ وجہ بفتح الواو وتشدید

بشارت دی تو آپنے الحمد للہ اور اللہ المستعان کہا ساتھ قول اسکا وجہ ساتھ فتحہ واو اور تشدید

الجیم ای توجہ وقولہ بئر اریس ھو بفتح الھمزۃ وکسر الراء وبعدھا یاء

جیم کے یعنے متوجہ ہوا اور قول اسکا بئر اریس ساتھ فتحہ ہمزہ اور کسرہ راء کے اور پیچھے اسکے یاء ہے

مثناۃ من تحت ساکنۃ ثم سین مھملۃ وھو مصروف ومنھم من منع

ساتھ دو نقطوں نیچے کے طرف سے پھر سین ہے مہملہ اور وہ منصرف ہے اور بعضوں نے غیر

صرفہ والقف بضم القاف وتشدید الفاء وھو المبنی حول البئر قولہ

منصرف کہا اور قف ساتھ ضمہ قاف اور تشدید فاء کے اور وہ وہ موضع ہے جو کنویں کے ارد گرد بنایا جاتا ہے قول اسکا

صلے رسلات بکسر الراء علی المشہور وقیل بفتحہا ای رفق وعن ابی ہریرۃ
کی ریشمی ساتھ کسرہ اور کے مشہور ہے اور بعض نے کہا ساتھ فتحہ کے یعنے نرمی کر۔ اور روایت ہے ابوہریرہ سے
رضی اللہ عنہ قال کنا نعود احوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعنا
سے کہا کہ ہم رسول اللہ صلعم کے گرد بیٹھے تھے اور
ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما فی نفر فقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ابوبکر رضہ اور عمر رضہ ایک جماعت میں ہمارے ساتھ تھے رسول اللہ صلعم ہم میں سے اٹھ کھڑے
من بین اظہرنا فابطأ علینا وخشینا ان یقتطع دوننا وفزعنا فقمنا
ہوئے اور دیر لگائی آنے میں ہم کو خوف ہوا کہ ہماری غیبت میں آپکو کسی قسم کا ڈر نہ ہو گھبرا گئے اور ہم مضطرب ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے
فکنت اول من فزع فخرجت ابتغی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی اتیت
اور میں سب سے پہلے مضطرب ہوا اس میں آپکو تلاش کرتا ہوا نکلا یہاں تک کہ
حائطا للانصار لبنی النجار فدرت بہ ہل اجد لہ بابا فلم اجد فاذا
انصاری بنی النجار کے باغ میں آیا اور دروازہ کی تلاش میں اسکے گرد پھرا مگر مجھے کوئی دروازہ نظر نہ آیا
ربیع یدخل فی جوف حائط من بئر خارجۃ والربیع الجدول الصغیر
کہ باغ کے اندر جا سکے کنوئیں سے جو باغ سے باہر تھا باغ کے اندر جاتا تھا کبھی اور معنے ربیع کے جدول صغیر ہیں
فاحفزت فدخلت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ابو ہریرۃ
پس میں گٹھا ہو کر اس رستہ سے باغ کے اندر رسول اللہ صلعم کے پاس آیا آپنے فرمایا تو ابوہریرہ ہے میں نے عرض کی ہاں
فقلت نعم یا رسول اللہ قال ما شانک قلت کنت بین اظہرنا فقمت فابطأت
یا رسول اللہ آپنے فرمایا تیرا کیا حال ہے میں نے عرض کی کہ آپ ہمارے درمیان سے اٹھ کر چلے گئے اور آپنے بہت دیر لگائی
علینا فخشینا ان تقتطع دوننا وفزعنا فکنت اول من فزع فاتیت ہذا
پس ہم کو آپکی جان کا خوف ہوا ہم پہلے گھبرا گئے اور میں سب سے پہلے گھبرایا تھا
الحائط فاحفزت کما یحفز الثعلب وہؤلاء الناس ورائی فقال یا
لومڑی کیطرح ہو کر اس باغ کے اندر آیا اور یہ لوگ میرے پیچھے چلے آتے ہیں
ابا ہریرۃ واعطانی نعلیہ فقال اذہب بنعلی ہاتین فمن لقیت من وراء
اپنے یعنی عطا کی اور فرمایا لے جا میری جوتیاں لے کر اور اس باغ سے
ہذا الحائط یشہد ان لا الہ الا اللہ مستیقنا بہا قلبہ فبشرہ بالجنۃ
جو شخص پیچھے سے کہ دل کے یقین سے لا الہ الا اللہ گواہی دیتا ہو اسکو جنت کی خوشخبری سنا دے

وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ الزَّبِيرُ النَّهْرُ الصَّغِيرُ وَهُوَ الْجَدْوَلُ بِفَتْحِ

اور حدیث طویل ذکر کی روایت کی یہ مسلم نے۔ زبیر چھوٹی نہر ہے اور اسکو جدول بھی کہتے ہیں ساتھ فتح

الْجِيمِ كَمَا فُسِّرَ فِي الْحَدِيثِ وَقَوْلُهُ احْتَفَرْتُ رَوِيَّ بِالرَّاءِ وَبِالزَّايِ وَسَاهَ

جیم کے جیسا کہ تفسیر کی ہے حدیث میں اور قول اسکا احتفرت روایت کیا گیا ساتھ را کے اور ساتھ زا کے اور معنے اسکے

بِالزَّايِ تَضَامَمْتُ وَتَصَاغَرْتُ حَتَّى أَمْكَنَنِي الدُّخُولُ وَعَنِ ابْنِ شِمَاسَةَ قَالَ

ساتھ زا کے شکم کر لیں اکٹھا ہوا اور اپنے کو چھوٹا بنایا کہ میں اندر جا سکا اور روایت ہے ابن شماسہ سے کہا

حَضَرْنَا عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَهُوَ فِي سِيَاقَةِ الْمَوْتِ يَبْكِي طَوِيلًا وَ

کہ ہم حضور عمرو بن عاص کے پاس آئے اور وہ جان کندن کی حالت میں آپنا منہ دیوار کیطرف کئے ہوئے

حَوَّلَ وَجْهَهُ إِلَى الْجِدَارِ فَجَعَلَ ابْنُهُ يَقُولُ يَا أَبَتَاهُ أَمَا بَشَّرَكَ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ

روتے تھے اور منہ پھیر لیا دیوار کیطرف پھر کر بیٹا اسکا کہتا تھا کہ اے باپ کیا نہ خوشخبری دی تجھکو رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَذَا أَمَا بَشَّرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَذَا فَأَقْبَلَ بِوَجْهِهِ فَقَالَ

علیہ وسلم نے بہتیری بشارت میں دی کیا رسول اللہ صلعم نے تجھکو بشارت نہیں دی اسکے ساتھ اسکی طرف متوجہ کر کے کہا کہ افضل

إِنَّ أَفْضَلَ مَا نَعُدُّ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ إِنِّي قَدْ

اس چیز کا جو ہم شمار کرتے ہیں واللہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی شہادت ہے۔ اور مجھ پر

كُنْتُ عَلَى أَطْبَاقٍ ثَلَاثٍ لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَمَا أَحَدٌ أَشَدَّ بُغْضًا لِرَسُولِ اللهِ

تین حالت گذری ہیں بیشک یہ کہ رسول اللہ صلعم سے نفس و عداوت رکھتا تھا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي وَلَا أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَكُونَ قَدِ اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ

اور بشرط دستیابی آپنے قتل کر ڈالتا کسی دوسرے ایسا نہ

فَقَتَلْتُهُ فَلَوْ مُتُّ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ لَكُنْتُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا جَعَلَ اللهُ الْإِسْلَامَ

اگر میں اس حالت پر مر جاتا تو بیشک دوزخیوں سے ہوتا۔ پھر جب اللہ نے میرے

فِي قَلْبِي أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ ابْسُطْ يَمِينَكَ فَلَأُبَايِعْكَ فَبَسَطَ

دل میں اسلام ڈالا میں نے رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ آپ اپنا ہاتھ پھیلائیے تاکہ میں آپکی بیعت کروں آپنے اپنا ہاتھ پھیلایا

يَمِينَهُ فَقَبَضْتُ يَدِي فَقَالَ مَالَكَ يَا عَمْرُو قُلْتُ أَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِطَ قَالَ

پھر میں نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا آپنے فرمایا اے عمرو تجھے کیا ہوا میں نے عرض کی کہ میں شرط کرنی چاہتا ہوں آپنے فرمایا

تَشْتَرِطُ بِمَاذَا قُلْتُ أَنْ يُغْفَرَ لِي قَالَ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الْإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ

کیا شرط کرتا ہے میں نے کہا کہ بخشا جائے فرمایا کیا تو نہیں جانتا کہ اسلام قبل سب پہلے

قبلہ وان الھجرۃ تھدم ما کان قبلھا وان الحج یھدم ما کان قبلہ
کفر کو گرا دیتا ہے اور ہجرت بھی پہلے گناہ کو منہدم کر دیتی ہے اور حج بھی پہلے گناہ کو زائل کر دیتا ہے

کان احد احب الی من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا اجل فی عینی
اس حالت میں کہ رسول اللہ صلعم سے زیادہ کوئی پیارا نہ تھا اور نہ آپ سے زیادہ کوئی میری آنکھوں میں بزرگ تھا

منہ ولا کنت اطیق ان املأ عینی منہ اجلالا لہ ولو سئلت ان اصفہ
اور نہ طاقت رکھتا تھا کہ اپنی نظر سے اپنی دونوں آنکھیں پھر دوں اور اگر آپکا وصف کرنیکا کوئی مجھ سے سوال کرتا تو میں کہہ سکتا

ما اطقتہ لانی لم اکن املأ عینی منہ ولو مت علی تلک الحال لرجوت ان اکون
وصف کرنیکی طاقت نہ تھی اور میں اس حال میں مرجاتا کہ مجھے امید بھی ہوتی کہ

من اھل الجنۃ ثم ولینا اشیاء ما ادری ما حالی فیھا فاذا انا مت فلا تصحبنی
میں بہشتیوں سے ہوں پھر ہم سے چیزوں کے ولی ہوئے ہیں نہیں جانتا کہ انمیں میرا کیا حال ہے جب میں مروں تو کوئی نوحہ کرنے والی

نائحۃ ولا نار فاذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شنا ثم اقیموا حول قبری
یا آگ میرے ساتھ ہو جب تم مجھے دفن کرو تو مجھ پر آہستہ آہستہ مٹی ڈالو پھر میری قبر کے گرد اتنی دیر ٹھیرا کرو

قدر ما تنحر جزور ویقسم لحمھا حتی استانس بکم وانظر ماذا اراجع بہ رسلی
جتنی دیر میں اونٹ ذبح کرکے اسکا گوشت تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ میں تمسے انس حاصل کروں اور دیکھوں کہ اپنے رسولوں کے پہنچے ہوئے کو کیا جواب دیتا ہوں

رواہ مسلم قولہ شنوا روی بالشین المعجمۃ والمھملۃ ای صبوا قلیلا
روایت کی اسکو مسلم نے قولہ قول اسکا شنوا روایت کیا گیا ساتھ شین معجمہ اور مہملہ کے یعنی ڈالو اسکو تھوڑا

قلیلا واللہ سبحانہ اعلم
تھوڑا اور اللہ سبحانہ بہتر جانتا ہے

الباب الثامن والتسعون فی وداع الصاحب وصیتہ عند
باب اٹھانوے اپنے دوست کو وداع کرنے اور اسکو وصیت کرنے کے بیان میں

فراقہ لسفر او غیرہ والدعاء لہ وطلب الدعاء منہ قال اللہ تعالی و
سفر وغیرہ میں اور اسکے لئے دعا مانگنے اور اس سے اپنے لئے دعا کی خواہش کرنیکے بیان میں اور فرمایا اللہ تعالی نے

وصی بھا ابراھیم بنیہ ویعقوب یبنی ان اللہ اصطفی لکم الدین
اور یہی وصیت کر گیا ابراہیم اپنے بیٹوں کو اور یعقوب اے بیٹو اللہ نے چنکر دیا ہے تم کو دین

فلا تموتن الا وانتم مسلمون ام کنتم شھداء اذ حضر یعقوب الموت اذ قال
پھر نہ مرو مگر مسلمان پر ہوکر کیا تم حاضر تھے جب وقت پہنچا یعقوب کو موت جب کہا

لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ إِلَهَكَ وَإِلَهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ

اپنے بیٹوں کو تم کیا پوجو گے بعد میرے بولے ہم بندگی کریں گے تیرے رب اور تیرے باپ دادوں کے رب کی کہ ابراہیم

وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَهًا وَاحِدًا وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ وَأَمَّا الْأَحَادِيثُ

اور اسمٰعیل اور اسحاق ہے ایک رب اور ہم اوسی کے حکم پر ہیں اور احادیث میں سے ہے

فَمِنْهَا حَدِيثُ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِي سَبَقَ فِي بَابِ إِكْرَامِ أَهْلِ

زید بن ارقم کی حدیث جو گزر چکی ہے باب اکرام اہل

بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں گزر چکی ہے۔ اوسنے کہا کہ ایک دن رسول اللہ صلعم نے کھڑے ہو کر

فِينَا خَطِيبًا فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ أَيُّهَا

ہمکو خطبہ سنایا پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی پھر وعظ و نصیحت کی پھر فرمایا کہ اما بعد اے

النَّاسُ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ يُوشِكُ أَنْ يَأْتِيَنِي رَسُولُ رَبِّي فَأُجِيبَ وَأَنَا تَارِكٌ فِيكُمْ

لوگو میں آدمی ہوں قریب ہے کہ میرے رب کا پیغام لانیوالا آوے تو میں اوسکا کہا مانوں اور میں تمہارے درمیان دو بڑی بھاری چیز

ثَقَلَيْنِ أَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ الْهُدَى وَالنُّورُ فَخُذُوا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوا

چھوڑتا ہوں جن میں سے اول تو خدا کی کتاب ہے جسمیں ہدایت اور روشنی ہے پس خدا کی کتاب کو پکڑو اور اسکو خوب پکڑ جاؤ

بِهِ فَحَثَّ عَلَى كِتَابِ اللّٰهِ وَرَغَّبَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ وَأَهْلُ بَيْتِي أُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِي

پس ترغیب کتاب اللہ پر بہت تاکید کی اور اوسکی ترغیب اوسی پر فرمائی اور دوسری بار پھر اہل بیت میں تم کو خدا یاد دلاتا ہوں اپنی

أَهْلِ بَيْتِي رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَقَدْ سَبَقَ بِطُولِهِ وَعَنْ أَبِي سُلَيْمَانَ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ

اہل بیت کے حق میں، روایت کی اسکو مسلم نے، اور تفصیل پہلے گزر چکی اور روایت ہے ابو سلیمان مالک بن حویرث رضی

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ شَبَبَةٌ

اللہ عنہ سے کہا ہم چند آدمی جوان ہم رسول اللہ صلعم کی خدمت میں پہنچے

مُتَقَارِبُونَ فَأَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِينَ لَيْلَةً وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور ہم سن تھے اوسکے پاس ٹھہرے بیس رات اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ رَحِيمًا رَفِيقًا فَظَنَّ أَنَّا قَدِ اشْتَقْنَا أَهْلَنَا فَسَأَلَنَا عَمَّنْ تَرَكْنَا مِنْ أَهْلِنَا

وسلم رحم کرنیوالے نرم دل تھے اپنے گمان کیا کہ ہم گھر والوں کے مشتاق ہیں اوسنے آخر ہم سے سوال کیا کہ تم اپنے گھر والوں میں کس کو چھوڑ کر آئے ہو ہمنے

فَأَخْبَرْنَاهُ فَقَالَ ارْجِعُوا إِلَى أَهْلِيكُمْ فَأَقِيمُوا فِيهِمْ وَعَلِّمُوهُمْ وَمُرُوهُمْ وَصَلُّوا

آپ سے بیان کر دیا آپنے فرمایا کہ تم اپنے گھر کو لوگوں میں جا کر ٹھہرو اور انکو دین سکھاؤ اور انکو حکم کرو اور نماز

صلوٰۃ کذا فی حین کذا وصلوٰۃ کذا فی حین کذا فاذا حضرت الصلوٰۃ

وقت فلاں نماز اور فلاں وقت فلاں نماز پڑھو اور جب نماز کا وقت آجائے

فلیؤذن لکم احدکم ولیؤمکم اکبرکم متفق علیہ زاد البخاری ثم روایۃ

تو تم میں سے کوئی اذان کہا کرے اور جو سب میں بڑا ہو وہ امامت کیا کرے متفق علیہ۔ اور بخاری کی ایک روایت میں ہے اور جیا تم نے

لہ وصلوا کما رأیتمونی اصلی قولہ رحیما رفیقا روایت کیا ہے بقاری وقال وذروی

مجھے نماز پڑھتے دیکھا اسی طرح تم بھی نماز پڑھو۔ قولہ رحیما رفیقا روایت کیا ہے بخاری سے قال اور قال کے

بقافین وعن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال استاذنت النبی صلی

ساتھ دو قافوں کے اور روایت ہے عمر بن الخطاب رضی سے کہا میں نے رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم فی العمرۃ فاذن وقال لا تنسنا یا اخی من دعائک فقال

اللہ علیہ وسلم سے عمرہ کرنے کی اجازت مانگی پس آپ نے مجھے اذن دیا اور فرمایا کہ ہمیں اپنی دعاؤں میں بھلا نہ دینا: کوئی کلمہ فرمایا کہ تو ہمیں کر دے

کلمۃ ما یسرنی ان لی بہا الدنیا وفی روایۃ قال اشرکنا یا اخی فی دعائک

اگر مجھ کو اس کی عوض تمام دنیا ملتی تو بھی ایسی خوشی نہ ہوتی اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا کہ ہمیں اپنی دعا میں شریک کر لینا روایت

رواہ ابوداود والترمذی وقال حدیث حسن صحیح وعن سالم بن

کی ابوداؤد اور ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے اور روایت ہے سالم بن عبداللہ بن عمر سے

عبداللہ بن عمر ان عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کان یقول للرجل اذا اراد سفرا

کہ عبداللہ بن عمرؓ سے جب کوئی شخص سفر کا ارادہ کرتا اس سے

ادن منی حتی اودع کما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یودعنا فیقول

کہا کرتے تھے کہ تو میرے نزدیک ہو تجھ کو وداع کروں جیسے رسول اللہ صلعم ہمکو وداع کیا کرتے تھے پس کہتے ہیں تیرے

استودع اللہ دینک وامانتک وخواتیم عملک رواہ الترمذی وقال حدیث

دین اور امانت اور عمر کے کاموں کے خاتمے کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا حدیث حسن صحیح ہے

حسن صحیح وعن عبداللہ بن یزید الخطمی الصحابی رضی اللہ عنہ قال کان

اور روایت ہے عبداللہ بن یزید خطمی صحابی سے کہا کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان یودع الجیش یقول استودع اللہ

رسول اللہ صلعم جب لشکر کو وداع کیا کرتے تو فرماتے میں تمہارا

دینکم وامانتکم وخواتیم اعمالکم حدیث حسن صحیح رواہ ابوداود وغیر

دین اور امانتیں اور اعمال کے خاتمے اللہ کو سپرد کرتا ہوں۔ حدیث حسن صحیح ہے۔ روایت کی یہ ابوداؤد وغیرہ نے

باسناد صحیح وعن انس رضی اللہ عنہ قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ

اسناد صحیح سے اور روایت ہے انس رضی سے کہا کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی اریدُ سفرا فزودنی فقال زودک اللہ التقوی

علیہ وسلم کے پاس آکر بیان کیا کہ میں سفر کا ارادہ رکھتا ہوں آپ مجھے زاد راہ عطا فرمایئے آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تقوی کو تیرا زاد کرے

قال زدنی قال وغفر ذنبک قال زدنی قال ویسر لک الخیر حیث ما کنت

اس نے کہا آپ کچھ زیادہ کریں فرمایا تیرا گناہ بخشے اس نے عرض کی کہ اور زیادہ کریں آپ نے فرمایا تو جہاں ہو اللہ تعالیٰ تیرے لئے بھلائی آسان کرے

رواہ الترمذی وقال حدیث حسن

روایت کی اس کو ترمذی نے اور کہا حدیث حسن ہے

الباب التاسع والتسعون فی الاستخارۃ والمشاورۃ

اکیانوے استخارہ اور مشورہ کرنے کے بیان میں

قال اللہ تعالیٰ وشاورھم فی الامر وقال تعالیٰ وامرھم شوریٰ بینھم

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اور اپنے کام میں مشورہ کیا کر اور فرمایا انکا کام آپس میں مشورہ کرتا ہے

ای یتشاورون فیہ وعن جابر رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی

یعنے مشورہ کرتے ہیں کام اسکے اور جابر رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمکو سب

اللہ علیہ وسلم یعلمنا الاستخارۃ فی الامور کلھا کالسورۃ من القرآن

کاموں میں استخارہ کرنا سکھایا کرتے تھے جیسا قرآن کی ایک سورت وہ سکھلاتے

یقول اذا ھم احدکم بالامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضۃ ثم لیقل

فرماتے تھے جب تم میں سے کوئی شخص کسی کام کا قصد ارادہ کرے تو چاہیئے دو رکعتیں فرض کے سوائے پڑھ لے پھر کہے

اللھم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک واسألک من فضلک

الٰہی میں تجھ سے بہتری مانگتا ہوں تیری علم کو دیکھ کے اور تجھ سے قدرت مانگتا ہوں تیری قدرت کو دیکھ کے اور سوال کرتا ہوں تیرے بڑے

العظیم فانک تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب

فضل کو سو مقدور تو قادر ہے مجھ کو قدرت نہیں اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو سب چھپی چیزوں کا دانا ہے

اللھم ان کنت تعلم ان ھذا الامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ

الٰہی اگر تو جانتا ہو کہ یہ کام واسطے میرے واسطے میرے دین اور دنیا اور

امری او قال عاجل امری واجلہ فاقدرہ لی ویسرہ لی ثم بارک لی

انجام کار میں بہتر ہے سارباں فرمایا کہ میری دنیا اور عاقبت میں تو اسکو میرے واسطے مقدر کر اور اسکو میرے واسطے آسان کر دے پھر اس میں میرے واسطے برکت

فيه وان كنت تعلم ان هذا الامر شر لي في ديني ومعاشي وعاقبة امري او
الٰہی اور اگر تو جانتا ہو کہ یہ کام میرے حق میں برا ہے میرے دین اور دنیا میں اور انجام کار میں یا فرمایا

قال عاجل امري وآجله فاصرفه عني واصرفني عنه واقدر لي الخير حيث
(یا) اپنے جلد ہونے اور دیر سے ہونے میں تو اس کو میرے لئے مقدر کر دے مجھ سے اور پھیر دے اس سے اور مقدر کر دے میرے لئے بہتر کام کو جہاں کہیں کہ

كان ثم رضني به قال ويسمي حاجته رواه البخاري
ہو پھر مجھ کو اس سے راضی کر دے اور نام لے اپنی حاجت کا روایت کی اس کو بخاری نے

الباب الثاني في استحباب الذهاب الى العيد وعيادة المريض
باب دوسرا عید اور بیمار کی پرسش کرنے کے

والحج والغزو والجنازة ونحوها من طريق والرجوع من طريق آخر
اور حج اور جہاد اور جنازہ وغیرہ کا ایک رستہ سے جانا اور دوسرے رستہ سے آنا کے بیان میں

لتكثير مواضع العبادة عن جابر رضي الله عنه قال كان النبي
تاکہ عبادت کی جگہوں کی زیادتی ہو جائے اور روایت ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تھے

صلى الله عليه وسلم اذا كان يوم عيد خالف الطريق رواه البخاري
صلعم عید کے دن رستہ کو بدل دیا کرتے تھے روایت کی اس کو بخاری نے

قوله خالف الطريق يعني ذهب في طريق ورجع في طريق آخر وعن
قولہ خالف الطریق یعنی گئے ایک رستہ سے اور لوٹے دوسرے رستہ سے اور روایت ہے

ابن عمر رضي الله عنهما ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا رجع من
ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب مدینہ سے پھرتے

طريق الشجرة ويدخل من طريق المعرس واذا دخل مكة دخل من
تو طریق الشجرہ سے پھرتے اور جب آتے معرس کے رستہ سے آتے اور جب مکہ میں داخل ہوتے

الثنية العليا ويخرج من الثنية السفلى متفق عليه
تو ثنیہ علیا کے رستہ سے داخل ہوتے اور ثنیہ سفلیٰ سے نکلتے متفق علیہ

الباب الحادي بعد المائة في استحباب تقديم اليمين في كل ما
باب ایک سو ایک کرامت داہنی کو اپنے کاموں میں داہنی طرف سے

هو من باب التكريم كالوضوء والغسل والتيمم ولبس الثوب و
ابتدا خروج کرنے کے استحباب کے بیان میں جو باب تکریم کے ہے جیسے وضو کرنا اور غسل کرنا اور تیمم کرنا اور کپڑا اور

النعل والخف والسراويل ودخول المسجد والسواك والاكتحال وتقليم الاظفار

جوتا موزہ اور پاجامہ پہننا اور مسجد میں داخل ہونا اور مسواک کرنا اور سرمہ لگانا اور ناخن اتروانا

وقص الشارب ونتف الابط وحلق العانة والسلام من الصلوة والاكل

اور مونچھ کتروانا اور بغل کے بال اکھیڑنا اور زیر ناف کے بال مونڈنا اور نماز سے اور سلام پھیرنا اور کھانا

والشرب والمصافحة واستلام الحجر الاسود والخروج من الخلاء والاخذ والاعطاء وغير ذلك مما هو في معناه ويستحب تقديم اليسار في ضد ذلك

اور پینا اور مصافحہ کرنا اور حجر اسود کو چومنا اور پاخانہ سے نکلنا اور لینا اور دینا اور اس کے ہم معنی اور کام ایسے ہوں اور ان جیسی مخالف کاموں میں بائیں کو مقدم کرنا مستحب ہے

كالاستجمار والسواك عن اليسار ودخول الخلاء والخروج من المسجد

جیسے ڈھیلا کرنا اور مسواک کرنا اور پاخانہ میں داخل ہونا اور مسجد سے نکلنا اور

وخلع الخف والنعل والسراويل والثوب والاستنجاء ونحو المستقذرات

موزہ اور جوتا اور پاجامہ اور کپڑا اور استنجا کرنا اور مستقذرات وقت اور

اشباه ذلك قال الله تعالى فاما من اوتي كتابه بيمينه فيقول هاؤم

جو اس جیسے ہوں فرمایا اللہ تعالیٰ نے لیکن جس کو اعمال نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا وہ کہے گا آؤ میرا

اقرؤا كتابيه الآيات وقال تعالى فاصحاب الميمنة ما اصحاب الميمنة و

اعمال نامہ پڑھو الآیات۔ اور فرمایا داہنے ہاتھ والے کیا ہیں داہنے ہاتھ والے

اصحاب المشئمة ما اصحاب المشئمة وعن عائشة رضي الله عنها قالت كان

اور بائیں ہاتھ والے کیا ہیں بائیں ہاتھ والے اور روایت ہے عائشہ رضؓ سے

رسول الله صلى الله عليه وسلم يحب التيمن في شانه كله في طهوره وترجله

کہ رسول اللہ صلعم کو داہنی طرف سے کام کرنا سب کام میں محبوب آیا کرتا تھا وضو کرنے اور کنگھی کرنے

وتنعله متفق عليه وعنها قالت كانت يد رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور جوتا پہننے وغیرہ میں۔ متفق علیہ اور اسی سے روایت ہے

اليمنى لطهوره وطعامه وكانت اليسرى لخلائه وما كان من اذى حديث

